لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر لاہور

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | منگل 29 ستمبر 2026ء 1448ھ 16 ربیع الثانی 15 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 247

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

شنگھائی تعاون تنظیم کا کوآرڈینیشن اجلاس بھارتی وفد کی اسلام آباد آمد

اجلاس میں پاکستان کی 2026-27 کی صدارت کے پروگرام کو حتمی شکل دینے اور آئندہ اجلاسوں وتقریبات کی تیاریوں پر غور کیا جائے گا۔ پاکستان نے رواں ماہ ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ کی گردشی صدارت سنبھالی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے اعلیٰ ترین فیصلہ ساز ادارے کی ایک سالہ صدارت کے دوران نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس آج شروع کر رہا ہے، جس میں آئندہ سال اگست میں اسلام آباد میں ہونے والے سربراہی اجلاس کی تیاری کا آغاز کیا جائے گا۔ تین روزہ اجلاس میں ایس سی او کے 10 رکن ممالک کے نیشنل کوآرڈینیٹرز شرکت کریں گے، جو تنظیم کے اندر رکن ممالک کے درمیان رابطہ کاری کے ذمہ دار ہیں۔ اس اجلاس کے سلسلہ میں 2 سال بعد کسی بھارتی وفد کی پاکستان آمد ہوئی، نیشنل کوآرڈینیٹر الوک ایتا بھدیمری (بقیہ نمبر 1)

گورنر خیبر پختونخوا کی پارلیمنٹرینز کے ہمراہ وفاقی وزیر امیر مقام سے ملاقات

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پارلیمنٹرینز کے ہمراہ وفاقی وزیر امیر مقام سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کی جس میں صوبے میں امن وامان سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیر کے (بقیہ نمبر 3)

چینی ہائبرڈ ٹیکنالوجی سے پاکستانی زرعی پیداوار میں اضافہ

زرعی تعاون سے پاکستان، چین کے عوام کو براہِ راست فائدہ پہنچ رہا ہے، پاکستانی قونصل جنرل

چینی ہائبرڈ چاول کی ٹیکنالوجی بھی پاکستانی کسانوں کو پیداوار بڑھانے میں مدد فراہم کر رہی ہے

چینگدو (این این آئی) پاکستان میں چین کی زرعی ٹیکنالوجی کی منتقلی کے نتیجے میں نمایاں اور ٹھوس فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ یہ بات چینگدو میں پاکستان کے قونصل جنرل تنویر اے بھٹی نے 28 ستمبر کو 12 ویں چینگدو انٹرنیشنل اربن ماڈرن ایگریکلچر ایکسپو کی افتتا (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

ڈی آئی خان امن میلہ چیک پوسٹ پر دہشت گردی کے واقعہ میں خواتین اور بچوں سمیت شہری شہید ہوئے، جبکہ دہشت گردوں نے ریسکیو اہلکاروں کو بھی نشانہ بنایا

پی ٹی آئی دہشت گردوں مالی امداد میں ملوث ہے، وزیر اطلاعات

افغانستان سے دہشتگردوں کی تشکیلیں آتی ہیں اور ان میں سے قریباً 70 فیصد دہشت گرد افغانستان کے رہائشی ہوتے ہیں، دہشت گرد کارروائیوں کے بعد اپنے ساتھیوں کی تصاویر اور فوٹیج سوشل میڈیا پر جاری کرتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ اور وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ افغانستان سے دہشتگردوں کی تشکیلیں پاکستان آرہی ہیں، دہشتگرد ڈالرز کے عوض کارروائیاں کرتے ہیں، جبکہ پی ٹی آئی قیادت دہشت (بقیہ نمبر 4)

ٹانک پولیس وین پر دہشت گردوں کا حملہ فائرنگ سے 3 ٹریفک اہلکار شہید

دہشت گرد ٹریفک پولیس موبائل بھی لے گئے تھے جسے بعدازاں گرہ بڈھا سے برآمد کیا گیا اس کے علاوہ ملزمان کی فائرنگ سے 2 راہ گیر بھی زخمی ہوئے: ڈی پی او

ٹانک (مانیٹرنگ ڈیسک) نامعلوم مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کردی جس سے 3 اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈی پی او عبدالصمد خان کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ٹانک کے وزیر آباد بازار میں پیش آیا جہاں مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کی جس سے گاڑی میں سوار تین اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے جب ہ ملزمان فرار ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق دہشت گرد ٹریفک پولیس موبائل بھی لے گئے تھے جسے بعدازاں گرہ بڈھا سے برآمد کیا گیا اس کے علاوہ ملزمان کی فائرنگ سے 2 راہ گیر بھی زخمی ہوئے۔ ڈی پی او نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 5)

اسرائیلی اپوزیشن نے نیتن یاہو کی حکومت گرانے کیلئے اتحاد کر لیا

اپوزیشن نے انتخابات، انتخابی دن اور اس کے بعد مکمل تعاون پر اتفاق کیا ہے

پانچوں اپوزیشن رہنما عرب جماعتوں کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کی کوشش کریں گے، نیتن یاہو کا ردعمل

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی 5 بڑی اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں نے آئندہ 27 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات سے قبل وزیرِ اعظم نیتن یاہو کی (بقیہ نمبر 7)

جی پی ایس سگنلز میں مداخلت، سیالکوٹ کی پرواز کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں اتر تا دکھا دیا

اسلام آباد (این این آئی) مشرقِ وسطی میں جاری جنگ کے بعد مقبوضہ جموں وکشمیر اور سیالکوٹ سیکٹر میں جی پی ایس (بقیہ نمبر 6)

سگریٹ سمگلنگ، فضائی میزبانوں پر دورانِ ڈیوٹی نئی پابندی عائد، خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) پی آئی اے کے فضائی میزبانوں پر دورانِ ڈیوٹی (بقیہ نمبر 9)

سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی قطر ایئرویز کی پرواز سے متعلق خبروں کی تردید

فلائٹ ریڈار 24 پر تکنیکی خرابی اور جی پی ایس کی غلط معلومات کے باعث پرواز کو غلط مقام پر دکھایا گیا، ترجمان سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ نے قطر ایئرویز کی پرواز کی مقبوضہ جموں میں ہنگامی لینڈنگ سے متعلق خبروں کی تردید کی ہے۔ ترجمان سیالکوٹ (بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال منصوبے کو پیش کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے 37 مراکز صحت آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا مقصد صحت کے شعبے میں معیار، رسائی اور کوریج کو بہتر بنانا ہے، ہیلتھ فاؤنڈیشن

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن نے صوبے کے 37 مراکز صحت کی مینجمنٹ اور آپریشنز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آؤٹ سورس کر (بقیہ نمبر 8)

معتبر معلومات تک رسائی شہریوں کا بنیادی حق ہے: صدر مملکت

جمہوری معاشرے میں شہری اسی وقت عوامی زندگی میں بامعنی کردار ادا کرسکتے ہیں جب انہیں بروقت، معتبر اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی حاصل ہو

رائٹ آف ایکسیس ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 وفاقی سطح پر معلومات تک رسائی کے لیے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یوم معلومات تک رسائی کے موقع پر شہریوں کے حقِ معلومات کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوری معاشرے میں شہری اسی وقت عوامی زندگی میں بامعنی کردار ادا کرسکتے ہیں (بقیہ نمبر 13)

وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان امیر مقام میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

صدر زرداری کا ملائیشیا کے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے ملائیشیا کے (بقیہ نمبر 12)

چین کے خلائی اسٹیشن پر تعیناتی: دو پاکستانی پائلٹس کی تربیت آخری مراحل میں داخل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تعاون (بقیہ نمبر 11)

درست اور بروقت معلومات تک رسائی کا حق بہتر جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے

مریم نواز

معلومات تک رسائی عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بناتی ہے، حکومتِ پنجاب شفافیت، احتساب اور شہریوں کے معلومات حاصل کرنے کے بنیادی حق کی مکمل پاسداری کرتی ہے

آزاد اور شفاف معلومات کے ذریعے بدعنوانی کا مؤثر انداز میں خاتمہ کیا جاسکتا ہے، معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق اور بااختیار معاشرے کی بنیاد ہے

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ درست اور بروقت معلومات تک رسائی کا حق بہتر جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے۔ معلومات تک عالمگیر رسائی کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ معلومات تک رسائی شفاف طرز حکمرانی، عوامی اعتماد اور بہتر فیصلہ سازی کے لئے ناگزیر ہے۔ درست اور بروقت معلومات عوام کو بااختیار، حکومت پر اعتماد اور فیصلہ سازی کو شفاف بناتی ہیں۔ معلومات تک رسائی عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ نمبر 16)

چین میں کم لاگت یووی سی ٹیکنالوجی کی تیاری، پاکستانی محقق بھی ٹیم میں شامل

بیجنگ (این این آئی) چین کے شہر گوانگژو میں قائم نیشنل نینو ٹیک انوویشن سینٹر کے ساتھ کام کرنے والے ایک پاکستانی (بقیہ نمبر 14)

چین اور پاکستان کا مشترکہ فلاحی اقدام، سرگودھا کے 100 طلبہ میں تعلیمی وکھیلوں کا سامان تقسیم

سرگودھا (این این آئی) چین کے شان ڈونگ ٹونگ شان چلڈرنز (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ سے پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

محکمہ سیاحت کو سیاحتی انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے کیل سیری ثمہ کے مقام پر الاٹ کی گئی 81 کنال اراضی کا تنازعہ شدت اختیار کر گیا

شاردا (این این آئی) محکمہ سیاحت کو سیاحتی انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے کیل سیری ثمہ کے مقام پر الاٹ کی گئی 81 کنال (بقیہ نمبر 20)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ کا اعلان محض سیاسی دکھاوا تھا، اختیار ولی خان

جب حکومت نے مذاکرات کا موقع فراہم کیا تو پی ٹی آئی قیادت نے اسے مسترد کر دیا، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات وخیبر پختونخوا امور اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے لانگ (بقیہ نمبر 21)

معاشی ترقی اور مقامی خوشحالی کے ساتھ جوڑنے کی ضرورت ہے، سردار مختار احمد خان

سیاحت صرف ترقی اور معاشی سرگرمیوں کا ذریعہ نہیں بلکہ آزاد کشمیر کی شناخت کا ایک اہم حصہ بھی ہے

پائیدار اور ماحول دوست سیاحتی پالیسی کے ذریعے مقامی لوگوں کی خوشحالی، معاشی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں

مظفر آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور نومنتخب ممبر قانون ساز اسمبلی حلقہ 3 سٹی مظفر آباد سردار مختار احمد خان (بقیہ نمبر 19)

تحریک انصاف کا لانگ مارچ موخر کیے جانے کے بعد خیبر پختونخوا سے اسلام آباد جانے والے تمام راستے کھل گئے

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کا لانگ مارچ موخر کیے جانے (بقیہ نمبر 18)

چین اور پاکستان کے درمیان بحری علوم میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

ان کے مطابق LUAWMS میں بحری سائنس کا شعبہ بھی چین کے تعاون سے ترقی پا رہا ہے

چنگ ڈاؤ (این این آئی) پاکستان بحری سائنس کے شعبے میں چین اور خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ روابط مزید مستحکم کرنے کیلئے کوشاں ہے، صوبہ شان ڈونگ کے شہر (بقیہ نمبر 17)

علامہ طاہر اشرفی نے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں منعقدہ عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

آئی ٹی برآمدات میں 25 ارب ڈالر ہدف کیلئے پرعزم: شیزا فاطمہ

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ 20 فیصد سے زائد ترقی ہو رہی ہے اور حکومت وزیر اعظم کے مقرر کردہ 25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف کے حصول پر سنجیدگی سے گامزن ہے

کروڑ ملکی آبادی میں 68 فیصد نوجوان اور ورک فورس کا 50 فیصد خواتین ہیں جن کی بنیاد پر ملک کا ڈیجیٹل سروسز سیکٹر عالمی مارکیٹس میں مسابقت کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ 20 فیصد سے زائد ترقی ہو رہی ہے اور حکومت وزیر اعظم کے مقرر کردہ 25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف کے حصول پر سنجیدگی سے گامزن ہے، 24 کروڑ ملکی آبادی میں 68 فیصد نوجوان اور ورک فورس (بقیہ نمبر 22)

نئی دہلی کے جنتر منتر پر بھارتی پولیس نے دو صحافیوں کو گرفتار کر لیا

گرفتار صحافی چیف الیکشن کمشنر کے خلاف احتجاج کی کوریج کر رہے تھے

دہلی پولیس کے ایک اہلکار نے جس کے لباس پر نام کی تختی نمایاں طور پر موجود نہیں تھی

نئی دہلی (این این آئی) دہلی پولیس نے ریپڈ ایکشن فورس کی مدد سے جنتر منتر پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف احتجاج کی کوریج کرنے والے دو صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنایا اور گرفتار کر لیا جس کی صحافتی اداروں نے مذمت کرتے ہوئے دہلی پولیس (بقیہ نمبر 31)

مستند اور بروقت معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی جمہوری حق ہے، سپیکر قومی اسمبلی

آئینِ پاکستان شہریوں کو عوامی اہمیت کے تمام معاملات میں معلومات تک رسائی کا حق دیتا ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا معلومات تک رسائی کے عالمی دن کے موقع پر پیغام۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 23)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اسرائیل، ڈچ سفارتکاروں کا سفارتی درجہ ختم کرنے کا اعلان

رام اللہ (این این آئی) اسرائیل نے رام اللہ میں فلسطینی اتھارٹی کیلئے کام کرنے والے ڈچ سفارتکاروں کا سفارتی درجہ (بقیہ نمبر 24)

مکہ مکرمہ میں بارش، کئی علاقوں میں سڑکیں زیر آب آگئیں

مکہ مکرمہ (این این آئی) مکہ مکرمہ میں بارش ہوئی ہے، بارش کے باعث کئی علاقوں میں سڑکیں زیر آب آگئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بارش کے دوران (بقیہ نمبر 25)

حصص کی تجارت سے متعلق الزامات، ترکیہ میں حکمران جماعت کی نائب سربراہ نے استعفیٰ دے دیا

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کی حکمران جماعت نے اتوار کے (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے کوریا کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

جے شری رام کا نعرہ لگانے سے انکار پر مسلمان چچا بھتیجے پر بہیمانہ تشدد، مکان کو نقصان

واضح طور پر جان سے مارنے کی کوشش کے باوجود پولیس نے ملزمان پر ہلکی دفعات عائد کر دیں

لکھنؤ (این این آئی) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاست اتر پردیش کے دارالحکومت لکھنؤ میں ایک مسلمان لڑکے کی جانب سے 'جے شری رام' کا نعرہ لگانے سے انکار پر ہندو انتہا پسندوں نے اسے اور اس کے چچا کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ 21 ستمبر کی رات بڑی کالی مندر علاقے میں اس وقت پیش آیا جب ہندوؤں کی جانب سے جاگرن کا اہتمام کیا جا رہا تھا۔ ایک 12 سالہ مسلمان لڑکا سودا سلف خریدنے کے لیے باہر گیا تھا کہ کچھ ہندو نوجوانوں نے اسے روک کر سگریٹ لانے کو کہا اور پھر اسے 'جے شری رام' کا نعرہ لگانے کے لئے کہا۔

حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں ملک منیر اقبال چنڑ کی کامیابی پر وزیر اعظم کی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ملک منیر (بقیہ نمبر 29)

ارکان اسمبلی کا ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں دفعہ 370 اور 35 اے شامل کرنے کا مطالبہ

آٹھ ارکان سمیت 10 ارکان اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں

قانون ساز اسمبلی میں ریاستی حیثیت سے متعلق پیش کی گئی قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ارکان اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے قانون ساز اسمبلی میں ریاستی حیثیت سے متعلق پیش کی گئی قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں جن میں دفعہ 370 اور 35 اے (بقیہ نمبر 30)

پاکستان وسطی ایشیا جدید ریل اور تجارتی راستوں سے جوڑنا چاہتے ہیں

احسن اقبال

سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن اجلاس پاکستان کیلئے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ معاشی اور تجارتی روابط مزید مضبوط بنانے کا اہم موقع

پاکستان علاقائی رابطوں کے فروغ، جدید انفراسٹرکچر اور نئے تجارتی راستوں کے ذریعے خطے میں تجارت اور سرمایہ کاری کے امکانات کو وسعت دینا چاہتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان وسطی ایشیا کے ساتھ تجارت، جدید ریل رابطوں اور نئے تجارتی راستوں کو فروغ دے کر اپنی جغرافیائی پوزیشن کو معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور علاقائی رابطوں کیلئے بروئے کار لانا چاہتا ہے۔ پیر کو ایکس پر وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ پاکستان کی نمائندگی کے لیے منگولیا کے دارالحکومت اولان باتور میں سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچے ہیں۔ اولان باتور ایئرپورٹ پہنچنے پر منگولیا کی وزارتِ معیشت کے سٹیٹ سیکرٹری بتو ایدیش نے وفاقی وزیر احسن اقبال کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن اجلاس (بقیہ نمبر 28)

جموں میں بجلی کی بندش اور پانی کی قلت کے خلاف لوگوں کا احتجاج

گھروں، کاروباری اداروں، طلباء، کسانوں اور معاشرے کے دیگر طبقات کے لیے بنیادی سہولیات انتہائی ضروری ہیں

اہمی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنایا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ شہریوں کو ضروری سہولیات بلاتعطل میسر رہیں

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے جموں شہر میں لوگوں نے بجلی کی بندش اور پینے کے پانی کی قلت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مظاہرین نے باقاعدگی سے پانی کی فراہمی اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا اور حکام کے خلاف نعرے لگائے۔ انہوں نے کہا کہ گھروں، کاروباری اداروں، طلباء، کسانوں اور معاشرے کے دیگر طبقات کے لیے بنیادی سہولیات انتہائی ضروری ہیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ وہ قلت کی وجوہات کا تعین کریں اور (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: آئی ٹی اور ٹیلی کمیونیکیشن کی وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ اسلام آباد میں ہواوے (Huawei) کے گلوبل سروس سینٹر کے دورے کے دوران

تربیز سے بچاؤ کیلئے تمام وسائل بروئے کار ہیں: شرجیل انعام میمن

سرکاری ہسپتالوں اور دیہی مراکز صحت میں اینٹی ریبیز ویکسین کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، سینئر صوبائی وزیر

سندھ حکومت ریبیز کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جدید طریقوں پر عمل پیرا ہے کتے یا کسی بھی متاثرہ جانور کے کاٹنے کی صورت میں عوام غفلت سے گریز کریں۔

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے عالمی یوم ریبیز کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ریبیز سے بچاؤ کے لیے حکومت سندھ تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عوام کتے کے کاٹنے یا زخم کو کسی بھی صورت معمولی نہ سمجھیں اور فوری طور پر ویکسین کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ نے صوبے بھر میں ریبیز کے کنٹرول کے لیے جامع حکمت عملی ترتیب دی ہے جبکہ سرکاری ہسپتالوں اور دیہی مراکز صحت میں اینٹی ریبیز ویکسین کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت ریبیز کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جدید طریقوں پر عمل پیرا ہے، کتے یا کسی بھی متاثرہ جانور کے کاٹنے کی صورت میں عوام غفلت سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ، طبی ماہرین اور عوام کے تعاون سے صوبے کو ریبیز سے پاک بنانے کے لیے کوشاں ہے۔

پولیس تھانہ انڈسٹریل اسٹیٹ فیز II گجرات کی بڑی کارروائی ریڑی بان کے اندھے قتل کی واردات ٹریس، ملزمان آلہ قتل سمیت گرفتار

پولیس تھانہ انڈسٹریل اسٹیٹ فیز II گجرات کی بڑی کارروائی ریڑی بان کے اندھے قتل کی واردات ٹریس، ملزمان آلہ قتل سمیت گرفتار

لالہ موسیٰ (بیورو چیف) پولیس تھانہ انڈسٹریل اسٹیٹ فیز II گجرات کی بڑی کارروائی ریڑی بان کے اندھے قتل کی واردات ٹریس، ملزمان آلہ قتل سمیت گرفتار تفصیلات کے مطابق محمد سلیم نے تھانہ انڈسٹریل اسٹیٹ فیز II پولیس کو اطلاع دی کہ اس کا حقیقی بھائی محمد مظہر اقبال پل نہر ساروکی کے قریب فروٹ کی ریڑھی لگاتا ہے۔ وقوعہ کے روز ایک نامعلوم شخص اس کے بھائی کے پاس ا?یا اور کافی دیر تک فروٹ کی خرید و فروخت کے حوالے سے بات چیت کرتا رہا۔ بعد ازاں ملزم نے واپس جاتے ہوئے محمد مظہر اقبال پر فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

اے آر سیکنڈری آف سائنس سکول کے ڈائریکٹر و پرنسپل میاں محمد اسلم ڈولہ کا جاپان کا تعلیمی دورہ

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) اے آر سیکنڈری آف سائنس سکول کے ڈائریکٹر و پرنسپل میاں محمد اسلم ڈولہ گزشتہ روز جاپان کے تعلیمی دورے گئے ہوئے ہیں، جہاں وہ جاپان کے عالمی سطح پر معروف اور منظم اسکول ایجوکیشن سسٹم کا قریب سے مشاہدہ کر رہے ہیں۔ اس تعلیمی دورے کا بنیادی مقصد جاپانی تعلیمی نظام میں رائج جدید تدریسی طریقہ کار، طلبہ کی تربیت، نظم و ضبط، اخلاقی اقدار، عملی تعلیم، اساتذہ کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور اسکول انتظامیہ کے مؤثر نظام کا مطالعہ کرنا ہے تاکہ ان تجربات اور کامیاب تعلیمی اصولوں سے استفادہ کرتے ہوئے اے آر ایس ایس کے تعلیمی نظام کو مزید بہتر اور مؤثر بنایا جا سکے۔ جاپان دنیا کے ان ممالک میں شمار ہوتا ہے جہاں تعلیم کو محض نصابی کتابوں اور امتحانات تک محدود رکھنے کے بجائے طلبہ کی شخصیت سازی، خود انحصاری، ذمہ داری، وقت کی پابندی، اجتماعی شعور، صفائی، نظم و ضبط اور عملی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

کوٹ رادھا کشن لاہور میراتھن 2026 میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ہونہار طالب علم محمد زین کے اعزاز میں شاندار تقریب

کوٹرادھا کشن (سہیل الطاف خاں) کوٹ رادھا کشن لاہور میراتھن 2026 میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ہونہار طالب علم محمد زین کے اعزاز میں شاندار تقریب کوٹ رادھا کشن گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ محمد مصطفیٰ خان اور سپورٹس انچارج محمد رؤف نے 10 کلومیٹر کی میراتھن ریس میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر محمد زین کو پھولوں کے ہار پہنائے اور ٹرافی پیش کی۔ واضح رہے کہ محمد زین نے اس مقابلے میں پہلی پوزیشن

سردار محمد خان، کوٹ رادھا کشن کے ہونہار طالب علم محمد زین ولد محمد حسین نے "لاہور میراتھن" 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر سکول کی مارننگ اسمبلی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران سکول پرنسپل حاصل کر کے 3 لاکھ 50 ہزار (3,50,000) روپے کا کیش پرائز اور گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ اس موقع پر محمد زین کے پرنسپل کوچ محمد یوسف کو بھی ہار پہنائے گئے اور ان کی کھیل کے شعبے میں گراں قدر خدمات کو بھرپور سراہا گیا۔ تقریب سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

سانگلہ ہل نہر رکھ برانچ کے کنارے جڑی بوٹیاں زہریلے جانوروں کی آماجگاہ بن گئیں

سانگلہ ہل (عمر حیات کانواں) سانگلہ ہل نہر رکھ برانچ مقامی لوگوں کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں صبح اور شام کے وقت نہر کی پٹری پہ بزرگ، عورتیں، بچے اور نوجوان سیر و تفریح کیلئے روزانہ کی بنیاد پر جاتے ہیں اور پرفضا ماحول میں سیر کے ساتھ ساتھ ورزش بھی کرتے ہیں تاکہ وہ صحتمند زندگی گزار سکیں مگر عرصہ دراز سے نہر رکھ برانچ کے کناروں پہ جنگلی جڑی بوٹیاں اگنے سے سیر کیلئے آنے والے لوگوں کیلئے خطرات پیدا ہو چکے ہیں عرصہ دراز سے محکمہ ایریگیشن کے بیلداروں نے جڑی بوٹیاں تلف نہیں کیں اور ان جڑی بوٹیوں میں زہریلے جانوروں نے اپنے گھروندے بنا لئے ہیں جو کسی بھی وقت سیر کو آنے والے لوگوں کا جانی نقصان کر سکتے ہیں بعد ازاں سیر کرنے والے حضرات و خواتین نے ایکسئن ایریگیشن سے مطالبہ کیا ہے کہ مفت کی تنخواہیں لینے والے بیلداروں کو فوری صفائی اور جڑی بوٹیوں کی کٹائی کے احکامات جاری کئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ننکانہ صاحب میں چوری کی تین وارداتوں کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی موٹر سائیکل، ٹیوب ویل کی موٹر و کاپر کی برقی تار اور 6 مویشی چوری

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب میں چوری کی تین وارداتوں کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی موٹر سائیکل، ٹیوب ویل کی موٹر و کاپر کی برقی تار اور 6 مویشی چوری ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر ننکانہ کے علاقہ نیو جوڈیشل کمپلیکس شاہکوٹ روڈ پر پاہڑیانوالہ کے رہائشی صابر نوید کی بلا نمبری موٹر سائیکل ایڈیشنل سیشن کورٹ کے باہر سے چوری ہو گئی۔ تھانہ وار برٹن کے علاقہ جسلانی موڑ کے قریب ٹھٹھہ کھوکھراں میں فیصل کی زرعی زمین پر نصب ٹیوب ویل کی موٹر اور تانبے کی تار چوری کر لی گئی۔ اسی تھانہ کے گاؤں رحیم نگر، چک نمبر 576 گ ب میں خاور کی حویلی سے 2 لاکھ 10 ہزار روپے مالیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

لڑکی کے مبینہ اغوا کا معاملہ، پولیس کارروائی نہ ہونے پر لواحقین سراپا احتجاج

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) لڑکی کے مبینہ اغوا کا معاملہ، پولیس کارروائی نہ ہونے پر لواحقین سراپا احتجاج تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر رجڑ انوالہ کی حدود سے اغوا ہونے والی لڑکی کا ابھی تک کوئی سراغ نہ مل سکا سابق شوہر پولیس ملازم ہونے کے باعث بااثر ہونے کا الزام، لواحقین کی ڈی پی او فیصل آباد اور آر پی او، فیصل آباد، آئی جی پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے بیٹی کی بازیابی کی اپیل لواحقین نے الزام عائد کیا ہے کہ واقعہ کے حوالے سے پولیس کو اطلاع اور قانونی کارروائی کے لیے درخواست دینے کے باوجود تاحال ان کی بیٹی کی بازیابی کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے، جبکہ متعلقہ ایس ایچ او مبینہ طور پر ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں۔ لواحقین کے مطابق ان کی بیٹی کے مبینہ اغوا کے معاملے میں سابق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

نوشہرہ ورکاں ہرچوکی کے قریب افسوسناک ٹریفک حادثہ

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں ہرچوکی کے قریب افسوسناک ٹریفک حادثہ نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں سادو پگالہ کے رہائشی 2 بھائی موٹر سائیکل پر آرے تھے ہرچوکی کے قریب موٹر سائیکل کو کراس کرتے ہوئے تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل بھیس سے 55 سالہ جیمس مسیح ولد فضل مسیح اور 57 سالہ جاوید مسیح (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہے، سید داؤد بخاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما سید داؤد بخاری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہے اور حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر عوام کو ریلیف دینے کے ساتھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

دیرینہ دشمنی پر فائرنگ سے 22 سالہ نوجوان کے قتل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ میتراں والی میں دیرینہ دشمنی پر فائرنگ سے 22 سالہ نوجوان کے قتل کا واقعہ۔ مقتول گاؤں میں میلہ دیکھ کر واپس آ رہا تھا کہ مخالفین نے گھات لگا کر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ فائرنگ سے شدید زخمی نوجوان کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ جاں بحق ہو گیا۔ پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

کپتان کا رہائشی ڈکیتی کی جھوٹی کال چلا کر ڈاکوؤں کو پکڑوانے کے چکر میں خود پکڑا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکپتن کا رہائشی ڈکیتی کی جھوٹی کال چلا کر ڈاکوؤں کو پکڑوانے کے چکر میں خود پکڑا گیا۔ پاکپتن کے رہائشی مبشر اکرام نے سمبڑیال پولیس کو اطلاع دی کہ ڈرائی پورٹ چوک کے قریب دو موٹر سائیکل سواروں نے اسلحہ کے زور پر اس سے دو لاکھ چالیس ہزار روپے نقدی چھین لی ہے اطلاع پر سمبڑیال پولیس موقع پر پہنچی اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم لیاقت گرفتار

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) چوچک پولیس نے ایس ایچ او انسپکٹر رؤف اسماعیل کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم لیاقت کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم لیاقت نے لڑائی جھگڑے کے دوران ندیم نامی شخص کو چھری کے وار کر کے قتل کیا تھا اور گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

اتفاق فاؤنڈری والے چوہدری لیاقت علی کی پچاسویں سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) اوکاڑہ کے سرکردہ رہنما اور اتفاق فاؤنڈری والے چوہدری لیاقت علی کی پچاسویں سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں سیاسی، سماجی اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات سمیت عزیز و اقارب اور دوست احباب نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں سینئر صحافی وحید طارق منابلوچ، سیاسی و سماجی شخصیت عمار اجمل چوہدری، حاجی افتخار حسین، حاجی عمر جاوید، محمد سیف، چوہدری محمد یاسین سمیت دیگر معززین اور دوست احباب نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے چوہدری لیاقت علی کو پچاسویں سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ سالگرہ کی خوشی میں کیک کاٹا گیا، جبکہ شرکاء کی تواضع کے لیے پرتکلف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیموئیلنس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
سوئٹرہ پولیس	130
وفاقی پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، سٹیزن سیل	99213100
پولیس ہیلپ لائن	99202881
ایڈیشنل چیف سیکرٹری	111-000-118
سول ڈیفنس ڈائریکٹریٹ	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
ڈی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

اوکاڑہ ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا جامع آپریشن مسلسل جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا جامع آپریشن مسلسل جاری ہے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت صفائی ٹیمیں شہر اور دیہات کے تمام علاقوں میں بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہیں سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی نگرانی میں مرکزی شاہراہوں، بازاروں، گلی محلوں، تجارتی مراکز اور دیگر عوامی مقامات پر صفائی کا سلسلہ جاری ہے ورکرز مختلف شفٹوں میں دستی صفائی، مکینیکل سویپنگ، نالیوں کی صفائی اور کوڑا کرکٹ اٹھانے کے ساتھ ساتھ ویسٹ کو بروقت مقررہ مقامات تک منتقل کر رہے ہیں فیلڈ آپریشن کو مؤثر بنانے کے لیے مختلف اقسام کی صفائی مشینری بھی مسلسل متحرک ہے

فلیٹ مینیجر فخر حیات کی نگرانی میں مشینری کی فعالیت اور فیلڈ میں بروقت دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جبکہ شہریوں سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

سمبڑیال کے ایک علاقہ سے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل، سکول سے واپس آتی دس سالہ طالبہ کو چھیڑنے والا اوباش ملزم گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا ے) سکول سے واپس آتی دس سالہ طالبہ کو چھیڑنے والا اوباش ملزم پولیس کے شکنجے میں آ گیا۔ سمبڑیال کے ایک علاقہ سے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس میں اوباش ملزم سکول سے واپس آتی دس سالہ سالہ طالبہ کو زبردستی اٹھانے کی کوشش کرتا ہے اور اس سے چھیڑ خانی کرتا ہے جس سے طالبہ خوفزدہ ہو کر چیخ و پکار کرتے بھاگتی ہے اطلاع پر ایس ایچ او سمبڑیال انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچے اور سی سی ٹی وی کیمرے دیکھتے ہوئے ملزم کو ہر عرف غورج تک پہنچ گئے اور اسے حراست میں لے کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر کا نواز شریف سکول آف ایمینس کا دورہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر کا نواز شریف سکول آف ایمینس کا دورہ، تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، کلاس رومز اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے اساتذہ اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ ملک و قوم کے روشن مستقبل کی خاطر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری تعلیم کی فراہمی اور بچوں کے تعلیمی سفر کو محنت اور لگن سے جاری رکھیں۔ پرنسپل نواز شریف سکول آف ایمینس مسز نجمہ قیصر نے ادارہ کی تعلیمی خدمات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے سکول کے مختلف شعبہ جات، سائنس و آئی ٹی لیبز، لائبریری اور کلاس رومز کی صفائی و تدریسی ماحول کا معائنہ کیا۔ چوہدری عبدالجبار گجر نے اساتذہ اور طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تعلیمی وژن کے تحت نواز شریف سکول آف ایمینس جیسے جدید ادارے بچوں کو معیاری اور یکساں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ حکومت کا مقصد سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار نجی اداروں کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب محمد شفیق احمد آگاہی دیتے ہوئے

اوکاڑہ انجمن تاجران کے مرکزی دفتر میں ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب محمد شفیق احمد کی صدارت آگاہی سیمینار

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر + شکیل آصم سے) اوکاڑہ انجمن تاجران کے مرکزی دفتر میں ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب محمد شفیق احمد کی صدارت آگاہی سیمینار، سیمینار میں شہریوں کو درپیش مسائل، سرکاری محکموں کی غفلت یا نااہلی کے خلاف دادرسی اور صوبائی محتسب کے ادارے کے ذریعے فوری و بلا معاوضہ انصاف کے حصول کے طریقہ کار سے متعلق آگاہی دی گئی۔ ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب محمد شفیق احمد نے کہا کہ صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ عوام الناس کو سرکاری دفاتر میں بدانتظامی، بلاجواز تاخیر اور ناانصافی کے خلاف فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے میونسپل کمیٹی دیپالپور کے دفتر کا دورہ کیا

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے میونسپل کمیٹی دیپالپور کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایپکا دیپالپور کے صدر میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں، سی ای او میونسپل کمیٹی عمیر سلطان سمیت دیگر افسران اور اسٹاف سے تعارفی ملاقات کی۔ اس موقع پر میونسپل کمیٹی کے مختلف دفتری و انتظامی امور، شہری سہولیات، صفائی ستھرائی اور عوامی مسائل سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا میونسپل کمیٹی کے افسران نے اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت کو ادارے کے انتظامی امور، جاری سرگرمیوں اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور متعلقہ افسران و اسٹاف کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے کی ہدایت کی اس موقع پر ایپکا دیپالپور کے صدر میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

ابلتے گٹروں کا گندا پانی مین جی ٹی روڈ ہڑپہ اسٹیشن پر جمع، سڑک جوہڑ کا منظر پیش کرنے لگی

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) ابلتے گٹروں کے گندے پانی نے مین جی ٹی روڈ ہڑپہ اسٹیشن کو جوہڑ کا منظر بنا دیا، سیوریج کا پانی سڑک پر جمع ہونے سے شہریوں، مقامی آبادی اور راہ گیروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ سڑک جگہ جگہ گڑھوں میں تبدیل ہونے سے حادثات کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں سیوریج کے ناقص نظام نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا مقامی شہریوں کے مطابق مین جی ٹی روڈ ہڑپہ اسٹیشن پر گٹروں کے ابلنے اور گندا پانی سڑک پر جمع ہونے کا مسئلہ عرصہ سے توجہ طلب ہے، مگر مسئلے کے مستقل حل کے لیے مؤثر اقدامات نہ ہونے کے باعث صورتحال سنگین ہوتی جا رہی ہے گندے پانی کے باعث

نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے بلکہ پیدل چلنے والے افراد، موٹر سائیکل سواروں اور دیگر راہ گیروں کو بھی مشکلات کا سامنا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ مسلسل جمع رہنے والے گندے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

ادبی سرگرمیوں کے فروغ اور اہل قلم کو مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنے سے شہر کے ادبی و ثقافتی رنگ کو اجاگر کرنے کے مواقع میسر آئیں گے، سمیع اللہ فاروق

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ ادب معاشرے کے فکری، تہذیبی اور ثقافتی شعور کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے اور ادبی سرگرمیوں کے فروغ اور اہل قلم کو مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنے سے شہر کے ادبی و ثقافتی رنگ کو اجاگر کرنے کے ساتھ نوجوان نسل کو بھی ادب سے جوڑنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لٹریری فیسٹیول کے انعقاد کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اے ڈی سیز ہیڈکوارٹر محمد اعجاز و میونسپل سروسز رانا اورنگزیب، ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل طارق اسمٰعیل خان، ڈائریکٹر کامسیٹس یونیورسٹی ڈاکٹر شاہد سکھیرا، سرکاری و نجی کالجز و یونیورسٹیز کے نمائندوں اور معروف ادبی شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر میں ادبی سرگرمیوں کے فروغ اور مشترکہ پلیٹ فارم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

زراعت آفیسر ڈاکٹر فاروق احمد نے وادی سون کے اہم سیاحتی مقامات اور ان کی اہمیت پر روشنی ڈالی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) دنیا بھر میں ہر سال 27 ستمبر کو ورلڈ ٹورازم ڈے منایا جاتا ہے جس کا مقصد سیاحت کے ذریعے ثقافتی روابط معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی میں سیاحت کے کردار کو اجاگر کرنا ہے اسی سلسلہ کی مناسبت سے ٹیچنگ ڈائریکٹر ٹی ڈی سی پی عاصم رضا کی ہدایت پر وادی سون کھیکی جھیل کے مقام پر تقریب کا کیا گیا مہمان خصوصی زراعت آفیسر ڈاکٹر فاروق احمد نے وادی سون کے اہم سیاحتی مقامات اور ان کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور وادی سون میں سیاحت کے معاشی فوائد بیان کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

مارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کی باقاعدگی سے چیکنگ کی جائے اور خلاف ورزی سامنے آنے پر قانون کے مطابق فوری کارروائی عمل میں لائی جائے، سمیع اللہ فاروق

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ شہریوں کو اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے اور

ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے مارکیٹوں کی مؤثر نگرانی، قیمتوں کی باقاعدگی سے جانچ اور خلاف ورزیوں پر بروقت کارروائی ضروری ہے تاکہ ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کی حوصلہ شکنی ہے اور عوام کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال اور ایس ایچ او سٹی ساہیوال کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ فاروق نے مارکیٹوں کا دورہ کیا اور مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ تین روز کے دوران ضلع بھر میں 6 ہزار 564 انسپکشنز کی گئیں، مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی اور ناجائز منافع خوری پر مجموعی طور پر ایک لاکھ 26 ہزار روپے جرمانہ جبکہ 4 افراد کو گرفتار کیا گیا ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ فاروق نے ہدایت کی کہ مارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کی باقاعدگی سے چیکنگ کی جائے اور خلاف ورزی سامنے آنے پر قانون کے مطابق فوری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

اوکاڑہ چوچک پولیس کی ایس ایچ او انسپکٹر رؤف اسماعیل کی سربراہی میں کامیاب کارروائی قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ چوچک پولیس کی ایس ایچ او انسپکٹر رؤف اسماعیل کی سربراہی میں کامیاب کارروائی قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا اشتہاری ملزم لیاقت سے مزید تفتیش جاری ملزم لیاقت نے لڑائی جھگڑا کے دوران ندیم کو چھری کے وار سے قتل کیا تھا گرفتاری سے بچنے کے لیے ملزم روپوش تھا گرفتار ملزم کے خلاف تھانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

9 سائیڈ ندیم شہید فلڈ لائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ چکنمبر چار ون اے ایل میں شروع ہو گیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) 9 سائیڈ ندیم شہید فلڈ لائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ چکنمبر چار ون اے ایل میں شروع ہو گیا ٹورنامنٹ میں ضلع اوکاڑہ بھر سے 34 فٹ بال ٹیمیں حصہ لیں گی افتتاحی روز ٹورنامنٹ کمیٹی کے عہدیداران کی جانب سے مہمانان گرامی کا شاندار استقبال کیا گیا تفصیلات کے مطابق ندیم شہید 9 سائیڈ فلڈ لائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ نواحی گاؤں چارون اے ایل میں شروع ہو گیا ٹورنامنٹ کا آغاز رنگارنگ تقریبات کے ساتھ کیا گیا ٹورنامنٹ کمیٹی و چیف آرگنائزر رانا فرمان رانا عاطف شفیق رانا نواز امتیاز رانا جنید شاہد چودھری اسد جٹ چودھری علی حسنین رانا عاقب شفیق رانا مدثر علی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

پولیس تھانہ کینٹ کی بہترین کارکردگی دوران ڈکیتی چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد علاقہ مکینوں سمیت واردات متاثرہ شخص کا خراج تحسین

گکھڑ منڈی (نامہ نگار) پولیس تھانہ کینٹ کی بہترین کارکردگی دوران ڈکیتی چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد علاقہ مکینوں سمیت واردات متاثرہ شخص کا خراج تحسین واردات اور ملزمان کا سراغ مسروقہ سامان کی برآمدگی مشکل عمل تھا مگر SHO تھانہ کینٹ رانا قمر محمد ارشد سب انسپکٹر اور CA اسٹاف منصور چیمہ کی مسلسل انفارمیشن کی بنیادوں اور ٹیکنیکل جدید کیمروں کی مدد سے ملزمان کا تعاقب جاری رکھا۔ جس کے سبب 15 یوم گزری واردات کو نہ صرف پتہ لگایا بلکہ مسروقہ موٹر سائیکل سمیت واردات میں چھینی گئی نقدی دو عدد قیمتی موبائل فون بھی برآمد کر لئے۔ جس پر اہل علاقہ اور واردات میں متاثرہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز احمد سلیم چشتی شہر میں بارشی پانی کی انخلا کے لیے مختلف مقامات پر دورہ کرتے ہوئے

ضلع چنیوٹ کے علاقہ محلہ گڑھا میں واقع مدرسہ البنات کے قریب کھڑے ایک کنٹینر میں اچانک پراسرار طور پر شدید آگ بھڑک اٹھی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ضلع چنیوٹ کے علاقہ محلہ گڑھا میں واقع مدرسہ البنات کے قریب کھڑے ایک کنٹینر میں اچانک پراسرار طور پر شدید آگ بھڑک اٹھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے کنٹینر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 چنیوٹ کی فائر ریسکیو ٹیمیں جدید فائر فائٹنگ گاڑیوں اور تمام تر ضروری سامان کے ساتھ بلا تاخیر موقع پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت اور حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منٹوں میں آگ پر قابو پا لیا اور ریسکیو آپریشن کو کامیابی سے مکمل کیا۔ ریسکیو 1122 کی اس بروقت اور مؤثر کارروائی کی بدولت شدید نوعیت کی آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا گیا، جس سے نہ صرف کنٹینر کو مکمل تباہی سے بچایا گیا بلکہ محلے اور مدرسے کی عمارت سمیت آس پاس کے املاک کو بھی کسی بھی بڑے اور ممکنہ خوفناک نقصان سے محفوظ رکھا گیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق، خوش قسمتی سے اس حادثے کے نتیجے میں کسی قسم کا جانی نقصان یا کوئی فرد زخمی نہیں ہوا، اور تمام افراد مکمل طور پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

وز

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

اوکاڑہ اوئیسٹ گروپ آف جرنلسٹ کے وفد کی چوہدری عبدالجبار گجر سے ملاقات

اوئیسٹ گروپ آف جرنلسٹ اوکاڑہ کے چیئرمین ملک عبدالوحید، صدر صہیب شیخ، سینیئر نائب صدر شیخ عمیر سعید اور فنانس سیکرٹری شیخ حمزہ طارق نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر سے خصوصی ملاقات کی

اوئیسٹ گروپ آف جرنلسٹ اوکاڑہ کے چیئرمین ملک عبدالوحید، صدر صہیب شیخ، سینیئر نائب صدر شیخ عمیر سعید اور فنانس سیکرٹری شیخ حمزہ طارق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر کا گروپ فوٹو

اوکاڑہ (شیخ شیخ حمزہ طارق بیورو چیف) اوئیسٹ گروپ آف جرنلسٹ اوکاڑہ کے چیئرمین ملک عبدالوحید، صدر صہیب شیخ، سینیئر نائب صدر شیخ عمیر سعید اور فنانس سیکرٹری شیخ حمزہ طارق نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر سے خصوصی ملاقات کی۔ اس موقع پر ای این ٹی اسپیشلسٹ ڈاکٹر اشعث مسعود بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران اوکاڑہ میں زیرِ تکمیل نواز شریف اسکول آف ایمینس، ڈی ایچ کیو ٹی اور ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتالوں سمیت مختلف شعبہ جات میں شہریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

چھوکوٹلی گاؤں کے قریب موٹر سائیکل اور رکشہ میں تصادم کے نتیجے میں تین نوجوان زخمی

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) چھوکوٹلی گاؤں کے قریب موٹر سائیکل اور رکشہ میں تصادم کے نتیجے میں تین نوجوان زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق حادثے میں موٹر سائیکل سوار 13 سالہ فرحان، 21 سالہ عثمان اور 28 سالہ مظہر زخمی ہوئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا عملہ موقع پر پہنچ گیا اور ریسکیو 1122 نے طبی امداد کے بعد زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل منتقل کر دیا۔

علی پور چٹھہ میں تجاوزات آپریشن، غریب ریڑھی بانوں کی ریڑھیاں توڑنے پر عوامی حلقوں میں تشویش

محلّہ نشاط پارک قبرستان چاہ بگیاں میں قبروں کو مسمار کرنے کے حوالے سے علاقہ مکینوں کا احتجاج

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) محلّہ نشاط پارک قبرستان چاہ بگیاں میں قبروں کو مسمار کرنے کے حوالے سے علاقہ مکینوں کا احتجاج ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ اور دیگر متعلقہ قانون نافذ کرنیوالے ادارے ناصرف حرکت میں آ گئے بلکہ آج رات گئے تک قبروں کو اپنی اصل حالت میں لانے کیلئے متحرک علاقہ مکین ضلع انتظامیہ متعلقہ ادارے مقامی پولیس علماء کرام موقع پر موجود اپنی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

یوبیہ فلک اور عوامی خدمت، انسانیت فرض شناسی کی روشن مثال

اسسٹنٹ کمشنر دفتر آنے والے سائلین کی بات نہایت توجہ اور تحمل سے سنتی ہیں، صرف درخواست وصول کر کے اسے ماتحت عملے کے حوالے کر دینا ان کا مقصد نہیں ہوتا بلکہ وہ مسئلے کو سمجھنے، متعلقہ اہلکار سے بات کرنے اور ممکنہ حد تک فوری حل تلاش کرنے کی کوشش کرتی ہیں

عارف والا (جمیل بٹ، سرپرستِ اعلیٰ تحصیل پریس کلب عارف والا) مجھے شعبہ صحافت سے وابستہ ہوئے تین دہائیوں سے زائد عرصہ گزر چکا ہے۔ اس طویل صحافتی سفر کے دوران مجھے پرنٹ میڈیا کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا میں بھی کام کرنے کا موقع ملا اور آج بھی میں ایک نیشنل چینل سے وابستہ ہوں۔ صحافت کے شعبے میں رہتے ہوئے عوام، تاجر برادری، سیاسی و سماجی شخصیات اور سرکاری افسران سے مسلسل رابطہ رہتا ہے۔ اس دوران عارف والا میں متعدد اسسٹنٹ کمشنرز تعینات ہوئے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستوں کی براہِ راست سماعت کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی

گجرات سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں سے براہِ راست ملاقات ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستوں کی براہِ راست سماعت کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات نے شہریوں کے مسائل کو توجہ سے سنا اور ان کے فوری ازالے، میرٹ پر دادرسی اور قانون کے مطابق کارروائی کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او گجرات نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے اور انہیں انصاف کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستوں کی براہِ راست سماعت کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کرتے ہوئے

تھانہ سبز پیر پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ سبز پیر پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے مجموعی طور پر 4 کلو 120 گرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس نے تینوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

پنجاب چیریٹیز کمیشن اور FANSA کے اشتراک سے این جی اوز کی استعدادِ کار میں اضافے کا سیشن 30 ستمبر کو ہوگا

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) پنجاب چیریٹیز کمیشن، محکمہ داخلہ، اور فریش وائر ایکشن نیٹ ورک ساؤتھ ایشیا (FANSA) ساہیوال کے اشتراک سے ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن، خانیوال اور بہاولنگر سے تعلق رکھنے والی این جی اوز کے لیے استعدادِ کار میں اضافے اور باہمی مکالمے کے سیشن کا انعقاد کرے گا۔ زرائع کے مطابق سیشن کا مقصد این جی اوز کی استعدادِ کار کو مضبوط بنانا اور انہیں مکالمے، معلومات کے تبادلے اور عملی سیکھنے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ سیشن کے دوران قانونی و ضابطہ جاتی تقاضوں (Compliance Framework)، ممکنہ خطرات و کمزوریوں اور تنظیمی نظم و نسق (Organizational Governance) سمیت دیگر اہم امور پر عملی رہنمائی اور تبادلہ؟ خیال کیا جائے گا۔ سیشن کے مہمانِ خصوصی پنجاب چیریٹیز کمیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کرنل (ر) شہزاد امیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی ننکانہ کے انفارمیشن سیکرٹری محمد سجاد جٹ کے تایا جان انتقال کر گئے

ننکانہ صاحب (محمد عرفان رفیع تحصیل بیورو چیف) تفصیلات کے مطابق مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی ننکانہ کے انفارمیشن سیکرٹری محمد سجاد جٹ کے تایا جان محمد طفیل انتقال کر گئے جن کی نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد ان کے آبائی قبرستان بھکر میں سوگواران کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا گزشتہ روز حاجی محمد صدیق کے ڈیرہ پر رسم قل خانی ہوئی جس میں مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا ہوئی مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

درجنوں افراد کا مبینہ شرپسند عناصر کے خلاف شدید احتجاج، اہل علاقہ نے مبینہ شرپسند پر منشیات فروشی کا الزام عائد کر دیا

پاکپتن (نامہ نگار) درجنوں افراد کا مبینہ شرپسند عناصر کے خلاف شدید احتجاج، اہل علاقہ نے مبینہ شرپسند پر منشیات فروشی کا الزام عائد کر دیا، وزیر اعلیٰ پنجاب و دیگر اعلیٰ حکام سے کاروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ کلیانہ کے علاقہ بکھا کالی جھگیاں کے رہائشی رانا فیاض جوئیہ گاؤں کے نمبردار اور اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ چند مبینہ شرپسند عناصر رانا بشارت، زوالفقار بھٹو وغیرہ علاقے کے امن کو تباہ کرنا چاہتے ہیں، منشیات فروشی چوری اور دیگر جرائم سے روکنے پر شرفاء اور غریبوں پر جھوٹی درخواست بازی اور بہتان بازی کر رہے ہیں، رانا فیاض جوئیہ نے الزام عائد کرتے کہا ک ذولفقار، بھٹو، رانا بشارت وغیرہ منشیات فروش، رسہ گیر، اور چور ہیں، ان پر سنگین مقدمات درج ہیں، میرے روکنے پر یہ میرے مخالف ہوگے، اس وجہ سے پورا گاؤں بھی متاثر ہے، یہ عناصر 36 ایس پی سے نکالے گئے اور ہم نے انہیں پناہ دی ہے، رانا فیاض نے تردید کرتے کہا کہ ہندو اوقاف کی جگہ نہ میرے نام ہے، نہ میں نے خرید و فروخت کی ہے، چند شرپسند عناصر نے محکمہ ہندو اوقاف کو غلط اطلاع دے کر غریبوں کے مکان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

بدوملہی سے ایک اور موٹر سائکل چوری

بدوملہی (بیورو چیف یاسر ملہی سے) بدوملہی سے ایک اور موٹر سائکل چوری کا شکف نامی نوجوان کی موٹر سائیکل جو کہ گلی میں کھڑی تھی نا معلوم چور لیکر فرار ہو گیا کا شکف موبائل سینٹر میں بازار بدوملہی کے پروپرائٹر نے بتایا کہ ان کی موٹر سائیکل غائب پاکیمرے چیک کئے گئے تو پتہ چلا کہ کوئی نا معلوم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے شہر میں جاری سٹی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکاسے) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے شہر میں جاری سٹی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ڈی پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) شاہد عباس نے صوبائی وزیر اور رکن صوبائی اسمبلی کو شہر میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں، مختلف چوکوں کی تزئین و آرائش اور گرین بیلٹس کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ سٹی بیوٹیفکیشن ایک احسن اقدام ہے جس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا اور شہریوں کو بہتر، صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی بہتری کو بھی ترجیح دی جائے اور جس قدر ممکن ہو شجرکاری کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ برساتی نالہ جات، گرین بیلٹس اور سڑکوں کے اطراف زیادہ سے زیادہ بڑے درخت لگائے جائیں تاکہ شہر میں سبزہ بڑھے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام شہر میں جاری سٹی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیتے ہوئے

بچے کے ساتھ مبینہ زیادتی کرنے والے مرتکب قاری تنویر کو پولیس کے قید سے ساتھی چھڑوانے آ گئے

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) بچے کے ساتھ مبینہ زیادتی کرنے والے مرتکب قاری تنویر کو پولیس کے قید سے ساتھی چھڑوانے آ گئے تفصیلات کے مطابق پولیس قاری تنویر کو سول ہسپتال میڈیکل کے لیے لے کر جا رہی تھی کہ اچانک پولیس کی گاڑی راستے میں پنکچر ہو گئی۔ اہلکار نے نیچے اتر کر ٹائر دیکھا تو گاڑی پنکچر تھی، اتنے میں ہی قاری صاحب کے ساتھی انہیں چھڑوانے آ گئے اور قاری صاحب وین سے چھلانگ مار کر اپنے ساتھی کے ساتھ موٹر سائیکل پر بیٹھ کر فرار ہو گئے۔ روکنے پر مبینہ طور پر ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر فائرنگ بھی کی، تاہم آگے جا کر موٹر سائیکل اوور ہو گئی اور ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی۔ حادثے میں قاری تنویر کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی جس سے وہ لنگڑے ہو گئے جس کے بعد پولیس نے ملزم قاری تنویر کو زخمی حالت میں دوبارہ گرفتار کر لیا، جبکہ ساتھی موقع سے فرار ہو گئے۔

دہشتگرد معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، ڈاکٹر جمیل الرحمٰن

پاکپتن (نامہ نگار) معروف طبیب اور ایٹی ٹی بی ایسوسی ایشن پاکپتن کے سابق صدر ڈاکٹر جمیل الرحمٰن نے کہا ہے کہ دہشتگرد معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا، انہوں کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، جس میں 14 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہیں، حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، لواحقین کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

علی پور چٹھہ میں تجاوزات آپریشن، غریب ریڑھی بانوں کی ریڑھیاں توڑنے پر عوامی حلقوں میں تشویش

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) — علی پور چٹھہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کے دوران غریب ریڑھی بانوں کی ریڑھیاں اور پھٹے توڑے جانے پر عوامی و سماجی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تجاوزات کے خاتمے کی آڑ میں ایسے افراد کو نشانہ بنایا جا رہا ہے جو انہی ریڑھیوں اور پھٹوں کے ذریعے اپنے بچوں کا پیٹ پال رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق اگر تجاوزات کے خلاف کارروائی ضروری ہے تو بلا امتیاز کارروائی ہونی چاہیے، جبکہ بااثر دکانداروں، سرمایہ داروں اور دیگر طاقتور افراد کی جانب سے سرکاری اراضی پر مبینہ قبضوں اور تعمیرات کے خلاف بھی مؤثر کارروائی کی جائے مقامی ذرائع کے مطابق علی پور چٹھہ میں 2470 کنال سرکاری اراضی موجود ہے، جس کے مختلف حصوں پر مبینہ طور پر بااثر افراد کا قبضہ ہے۔ بعض مقامات پر سرکاری اراضی پر دکانیں، مارکیٹیں اور پلازے تعمیر کیے جانے کی شکایات بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ سرکاری اراضی کا مکمل ریکارڈ سامنے لایا جائے اور جہاں قبضے ثابت ہوں وہاں قانونی کارروائی کرتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے نئے دفتر کی افتتاحی تقریب ایک خوبصورت اور یادگار انداز میں منعقد

حجرہ شاہ مقیم (مہر مشتاق احمد) اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے نئے دفتر کی افتتاحی تقریب ایک خوبصورت اور یادگار انداز میں منعقد ہوئی۔ اس پُروقار موقع پر تشریف آوری، قیمتی وقت دینے اور اپنی محبت، اعتماد اور حوصلہ افزائی سے ہماری خوشیوں کو دوبالا کرنے پر محبوب لیڈر زونل ہیڈ ساہیوال زون محترم چوہدری شہباز علی سیان صاحب، گریٹ پرسنلٹی شفقت عباس خاں صاحب سیکٹر ہیڈ اوکاڑہ، میاں مسعود فرید بھٹہ صاحب ایریا منیجر دیپالپور کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ آپ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی ہمارے لیے عزم، محنت اور کامیابی کی نئی راہیں کھولتی ہے۔ ہم عہد کرتے ہیں کہ اس نئے پلیٹ فارم کے ذریعے عوام کو بہتر مالی تحفظ، معیاری خدمات اور محفوظ مستقبل کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

مین بازار وزیر آباد میں تجاوزات کے خلاف پیرا فورس کی سخت کارروائی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) مین بازار وزیر آباد میں تجاوزات کے خلاف پیرا فورس نے سخت کارروائی کرتے ہوئے متعدد دکانیں سیل کر دیں جبکہ دیگر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

مین بازار وزیر آباد میں تجاوزات کے خلاف پیرا فورس کی سخت کارروائی

میاں منشاء بکیانہ کی ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی شخصیت امیدوار برائے کونسلر یونین کونسل نمبر 11 میاں منشاء بکیانہ نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہیں، حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، جس میں 14 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، انہوں نے کہا کہ دہشتگرد معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی قربانیاں ہمیشہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

ملزمان محمد ریاض، محمد ارشاد، محمد سلیم، محمد سفیان، سرفراز احمد، اخلاق اور غلام نبی عرف وسیم ساکنان مرالی والا کو بری کر دیا گیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے ایڈیشنل سیشن جج نوشہرہ ورکاں مدثر فرید کھوکھر کی عدالت نے تھانہ تلے عالی کے مقدمہ نمبر 898/23 بجرم 302 ت پ کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزمان محمد ریاض، محمد ارشاد، محمد سلیم، محمد سفیان، سرفراز احمد، اخلاق اور غلام نبی عرف وسیم ساکنان مرالی والا کو بری کر دیا ملزمان کی جانب سے مقدمہ کی پیروی معروف قانون دان چوہدری ظفر اقبال ہنجرا ایڈووکیٹ ہائیکورٹ سابق جنرل سیکرٹری تحصیل بار تحصیل بار نوشہرہ ورکاں کر رہے تھے اس موقع پر ملزمان پارٹی اور ان کے اہل خانہ نے پھولوں کی پتیاں نچھاور اور ہار پہنا کر اپنے وکیل چوہدری ظفر اقبال ہنجرا ایڈووکیٹ، چوہدری شکیل احمد چہل ایڈووکیٹ، میاں محمد اجمل ایڈووکیٹ، سنیئر کلرک محمد بلال بھٹی، کلرک محمد ثقلین سندھو کا شکریہ ادا کیا چوہدری ظفر اقبال ہنجرا ایڈووکیٹ ہائیکورٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل سیشن جج مدثر فرید کھوکھر کی عدالت نے میرٹ پر فیصلہ کیا ہے اس سے عدلیہ کا وقار بلند ہوا ہے۔

گجرات: ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کا دورہ

گجرات سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کا دورہ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کی عمارت کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے ڈی پی او گجرات کو منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈی پی او گجرات نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو اعلیٰ معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ افسران، اہلکاروں اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

پولیس مقابلہ! بچے کے ساتھ مبینہ زیادتی کرنے والے قاری تنویر کو ساتھی چھڑوانے آ گئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائمر رپورٹر) تفصیلات کے مطابق پولیس قاری صاحب تنویر کو سول اسپتال میڈیکل کے لیے لے کر جا ہی رہے تھی کہ اچانک پولیس کی گاڑی راستے میں پنکچر ہو گئی، اہلکار نے نیچے اتر کر دیکھا تو گاڑی پنکچر تھی، اتنے میں ہی قاری صاحب کے ساتھی انہیں چھڑوانے آ گئے، اور قاری صاحب نے پولیس وین سے چھلانگ مار کر اپنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، میاں محمد اشرف بھدرو

پاکپتن (نامہ نگار) معروف کاروباری شخصیت انجمن آڑھتیاں (رجسٹرڈ) غلہ منڈی پاکپتن کے صدر میاں محمد اشرف بھدرو نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، جس میں 14 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، انہوں نے کہا کہ دہشتگرد معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا، انہوں کہا ہے کہ دہشتگردی کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہیں، حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، لواحقین کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات پنجاب جناب رانا منان خاں کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سیالکوٹ ڈسٹرکٹ جیل کا وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات پنجاب جناب رانا منان خاں کا دورہ۔ ڈسٹرکٹ جیل کا وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات پنجاب جناب رانا منان خاں نے دورہ کیا۔ سپرنٹنڈنٹ جیل یاسر خان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ عمران اشرف نے معزز مہمان کا استقبال کیا، دورے کے دوران انہوں نے اندرون ملاقات شیڈ بیرک نمبر اور بیرک نمبر دو کا تفصیلی جائزہ لیا، اور اسیران سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کیے، رانا منان خاں نے جیل میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامات کا بھی جائزہ لیا، اور اسیران کے مسائل کے بروقت حل اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے جیل انتظامیہ کی طرف سے قیدیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پر اظہار اطمینان کیا۔

گلی ہنومان اور گلی گروکوٹھا کے دیرینہ بجلی کے مسئلے کے حل کی جانب اہم پیش رفت

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) گلی ہنومان اور گلی گروکوٹھا کے دیرینہ بجلی کے مسئلے کے حل کی جانب اہم پیش رفت، گیپکو کو دونوں گلیوں کے لیے منظور شدہ 550 میٹر فور کور کیبل اور 100 کے وی ٹرانسفارمر مل گیا۔ وزیر آباد پریس کلب کے صدر عدنان بٹ اور جنرل سیکرٹری طاہر جاوید مٹھو نے ایس ڈی او اور چیئرمین سب ڈویژن میاں فرخ ندیم سے تفصیلی ملاقات کی، جس میں منصوبے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

سیاسی سرگرمیوں کے لیے زمینی حقائق اور حالات کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے، چوہدری فیاض ظفر

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے سینئر رہنما چوہدری فیاض ظفر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے لانگ مارچ کی تاریخ آگے بڑھانے کا اعلان اس امر کا اظہار ہے کہ سیاسی سرگرمیوں کے لیے زمینی حقائق اور حالات کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے، مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ آئین، قانون، جمہوری اداروں اور سیاسی استحکام کو مقدم رکھا ہے اور عوام کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے، پاکستانی قوم انتشار، محاذ آرائی اور مسلسل سیاسی کشیدگی کے بجائے ملک میں معاشی استحکام، ترقی، روزگار کے مواقع اور عوامی فلاح چاہتی ہے، موجودہ حکومت ملکی معیشت کو مستحکم کرنے، سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مختلف شعبوں میں اقدامات کر رہی ہے، مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا بنیادی مقصد ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اور عوامی مشکلات میں کمی لانا ہے، وفاق میں وزیر اعظم شہباز شریف پارٹی قائد کے وژن کے مطابق حکومتی امور آگے بڑھا رہے ہیں جبکہ پنجاب میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں عوامی سہولیات، صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر، خواتین، نوجوانوں اور کم آمدن طبقات کے لیے مختلف پروگرام جاری ہیں، مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ہمیشہ ترقیاتی منصوبوں، عوامی خدمت اور ادارہ جاتی اقدامات کو ترجیح دی ہے اور حکومت کی جانب سے شروع کیے جانے والے مختلف منصوبوں کا مقصد عام آدمی کی زندگی میں آسانی پیدا کرنا اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے، سیاسی جماعتوں کے درمیان اختلاف رائے جمہوری نظام کا حصہ ہے تاہم سیاسی اختلاف کو تصادم میں تبدیل کرنے کے بجائے آئینی اور جمہوری فورمز پر اپنا مؤقف پیش کیا جانا چاہیے، احتجاج ہر سیاسی جماعت کا حق ہے لیکن اس دوران عوام کے معمولات زندگی، کاروبار، تعلیم، روزگار اور آمدورفت کو متاثر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

مقامی انتظامیہ کی نااہلی، ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں مبینہ طور پر جانوروں کی آلائشوں سے غیر معیاری مضر صحت گھی کی تیاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) مقامی انتظامیہ کی نااہلی، ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں مبینہ طور پر جانوروں کی آلائشوں سے غیر معیاری مضر صحت گھی کی تیاری، شہری متعدی امراض میں مبتلا، ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں مختلف مقامات پر غیر معیاری، مضر صحت گھی اور آئل کی خرید و فروخت جاری ہے۔ بعض علاقوں میں چینی اور دیگر آلائشوں کو پگھلا کر گھی کی تیاری عروج پر ہے شہر سے ملحقہ آبادیوں میں رات کے اوقات جانوروں کی آلائشیں وغیرہ پگھلا کر غیر معیاری گھی، آئل تیار کیا جانے لگا ہے جبکہ ضلعی، تحصیل، مقامی انتظامیہ، پنجاب فوڈ

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

رزق کی قدردانی

خیالِ سماویہ
سماویہ اعظم

اللہ تعالیٰ نے انسان کو بے شمار نعمتیں عطا کی ہیں۔ کبھی کبھار انسان اپنی ہی کوتاہیوں کی وجہ سے ان نعمتوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ ہر نعمت ہمارے لیے اہمیت کی حامل ہے خواہ وہ کھانا، لباس، گھر، صحت، تعلیم، رشتے، حلال کمائی، اولاد یا والدین ہوں مگر افسوس ہم اپنی انا کی خاطر بہت کچھ کھو دیتے ہیں۔ شب و روز شکوے کرتے ہیں لیکن کبھی اپنے رب کا شکر ادا نہیں کرتے۔ رزق کی قدردانی صرف زبان تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کے ساتھ نیت بھی صاف ہونی چاہیے۔ اگر آج ہمارے دسترخوان پر قسم قسم کے پکوان سجے ہوئے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم انہیں ضائع کر دیں بلکہ ہمیں ان غریب لوگوں کے بارے میں سوچنا چاہیے جنہیں دو وقت کی روٹی بھی نصیب نہیں ہوتی۔ ہمارے معاشرے میں تقریبات پر بڑی مقدار میں کھانا ضائع ہوتا ہے بعض اوقات کھانے کو مناسب طریقے سے استعمال بھی نہیں کیا جاتا لہذا ہر فرد کو چاہیے کہ ضرورت کے مطابق کھانا کھائے۔ چیزوں کو ضائع کرنے کے بجائے کسی ضرورت مند کو کھانا کھلا دینا زیادہ بہتر ہے۔ اس طرح ہم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت کی قدر بھی کر سکتے ہیں اور کسی بھوکے کی ضرورت بھی پوری کر سکتے ہیں۔ معاشرے میں ہر طبقے کے لوگ شامل ہیں لیکن کسی بھی فرد کو کم تر نہیں سمجھنا چاہیے۔ جب ایک مزدور دن بھر محنت کرتا ہے اور اپنی اجرت ملنے پر اپنے رب کا شکر ادا کرتا ہے تو وہ اپنی محنت کی کمائی کو اللہ تعالیٰ کی عطا سمجھتا ہے۔ ایک ماں کے لیے اولاد کی مسکراہٹ بھی رزق ہے، ایک بیمار انسان کا صحت یاب ہو جانا بھی رزق ہے اور ایک مخلص انسان کا ساتھ بھی رزق کی ایک خوب صورت شکل ہے۔ اسی طرح سکون، محبت، اچھے رشتے بھی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتیں ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے پاس موجود نعمتوں کی قدر کریں، فضول خرچی سے بچیں اور دوسروں کی ضرورت کا خیال رکھیں۔ رزق کی قدر کرنے والا انسان نہ صرف اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے بلکہ معاشرے میں محبت، ہمدردی اور احساسِ ذمہ داری کو بھی فروغ دیتا ہے۔ ہم ہر وقت اپنی زندگی کا موازنہ دوسروں سے کرتے رہتے ہیں۔ کسی کے پاس بڑا گھر ہے، کسی کے پاس مہنگی گاڑی ہے اور کسی کی زندگی ہمیں اپنی زندگی سے زیادہ آسودہ دکھائی دیتی ہے۔ اس کے نتیجے میں انسان اپنے پاس موجود نعمتوں کو بھول جاتا ہے اور یہی سے ناشکری کا آغاز ہوتا ہے۔ رزق کی قدردانی کا تعلق حلال کمائی سے ہے۔ اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہمیشہ جائز راستہ اختیار کریں۔ حلال کمائی میں برکت ہوتی ہے جب کہ ناجائز کمائی بظاہر دولت میں اضافہ کرتی ہے مگر انسان کو سکونِ قلب نصیب نہیں ہوتا۔ ہمارے والدین اپنی اولاد کے لیے یہی دعا کرتے ہیں کہ اللہ انہیں حلال اور بابرکت رزق عطا فرمائے کیوں کہ ناجائز طریقے سے پیسے کمانے والا انسان خسارے میں رہتا ہے۔ رزق کی بے قدری صرف کھانا ضائع کرنے تک محدود نہیں۔ پانی کا بے دریغ استعمال، بجلی کا غیر ضروری استعمال اور نت نئی اشیا کو صرف دکھاوے کے لیے خریدنا بھی نعمتوں کی ناقدری ہے۔ ضرورت پوری ہونے کے بعد اگر خواہش بڑھتی جائے تو انسان لالچی بن جاتا ہے۔ بعض اوقات انسان رزق کی قدر اس وقت کرتا ہے جب حالات بدل جاتے ہیں۔ شکر گزار انسان کی ایک خوبی یہ بھی ہوتی ہے کہ وہ دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر اللہ نے اسے دولت دی ہے تو وہ ضرورت مند کی مدد کرتا ہے اور اگر علم دیا ہے تو اسے دوسروں تک پہنچاتا ہے۔ ایک شخص کے پاس اگر دو وقت کا کھانا ہے اور وہ کسی بھوکے انسان کو ایک وقت کا کھانا کھلا دے تو یہ بھی نیکی ہے۔ ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے لہٰذا لوگوں کو حقیر سمجھنے کے بجائے ان کی مدد کریں۔ حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ آج ہمارے پاس سب کچھ ہے تو کل ہمیں کسی بھی مشکل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اسی لیے دوسروں کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں اور ان کا خیال رکھیں۔ قناعت انسان کو محرومی کے احساس سے بچاتی ہے اور شکر کرنے سے انسان میں شعور پیدا ہوتا ہے۔ بہتر مستقبل کے لیے منصوبہ بندی بھی کرنی چاہیے اور اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے جائز ذرائع اختیار کرنے چاہییں۔ زندگی میں سکون حاصل کرنے کے لیے اپنی سوچ کو بدلیں، دعا کریں اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز رہیں۔

پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے، وفاقی وزیر اطلاعات کا بیان

وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سیاست کے بھی کچھ اصول ہوتے ہیں، پی ٹی آئی تمام حدود پار کر چکی ہے، خیبر پختونخوا حکومت ہر شعبے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے۔ اسلام آباد میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی موجودہ قیادت کی نیت اور طبیعت دونوں خراب ہیں، اپنے موقف پر قائم ہوں کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی قیادت کالعدم ٹی ٹی پی کی ''بی'' ٹیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے این پی، مسلم لیگ (ن)، جے یو آئی کی قیادت دہشت گردی کے خلاف جانوں کی قربانی دے چکے ہیں، صرف پی ٹی آئی کو دہشت گرد کچھ نہیں کہتے، ایسا کیوں ہے؟، پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کے پی میں نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کیوں چل رہی ہیں؟، کے پی میں موٹر سائیکل پر بھی نمبر پلیٹ موجود نہیں، پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کو جان بوجھ کر قانونی دائرے میں نہیں لا رہی، یہی نان کسٹم پیڈ گاڑیاں دہشت گرد کارروائیوں میں استعمال ہوتی ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ صوبے میں صحت کے لئے کیا اقدامات کئے، ساڑھے 12 سال سے زائد عرصہ انہوں نے خیبر پختونخوا میں حکومت کی ہے لیکن خیبر پختونخوا کے عوام بنیادی سہولیات کے حصول کے لئے دوسرے صوبوں کا رخ کرتے ہیں۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ وزارت داخلہ نے خیبر پختونخوا پولیس کے لئے جدید گاڑیاں دینے کی پیشکش کی لیکن انہوں ل ے لینے سے انکار کر دیا، ہمارا پختہ عزم ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کریں گے، پی ٹی آئی قیادت نے خیبر پختونخوا پولیس کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے میں دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے، سرفراز بگٹی بہادر اور باصلاحیت وزیر اعلیٰ ہیں، پچھلے ایک سال میں نیشنل ایکشن پلان میں سہیل آفریدی اور سرفراز بگٹی کی میٹس گز کا موازنہ کیا جا سکتا ہے، سرفراز بگٹی کو سلام پیش کرنا چاہئے جو دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت فنڈز پولیس کی بجائے دھرنوں پر خرچ کر رہی ہے، خیبر پختونخوا حکومت پولیس کو پی ٹی آئی کا سیاسی ونگ بنانا چاہتی ہے، صوبائی پبلک سروس کمیشن کو ختم کر کے یہ تمام تقرریوں کا اختیار اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں، یہ حساب دیں کاؤنٹر ٹیررازم کی مد میں ملنے والا این ایف سی کا حصہ انہوں نے کہاں خرچ کیا، وزیر اطلاعات وزیر اطلاعات نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر بھرپور طریقے سے عمل درآمد ہو رہا ہے، پی ٹی آئی کو نہ نیشنل کا پتہ ہے، نہ ایکشن کا اور پلان سے بھی یہ لاعلم ہیں۔

کیپٹن (ر) سہیل چوہدری، محرابِ فرض سے ایوانِ پولیس تک



کہتے ہیں زمان؟ قدیم کے کسی شہر میں ایک ایسا چراغ ہوا کرتا تھا جسے رات کی سیاہی سے کوئی خوف نہ تھا۔
وہ چراغ نہ بادِ صرصر سے شکوہ کرتا،
نہ طوفان سے عہدِ وفا توڑتا؛
اس کا مقدر ہی یہ تھا کہ جہاں راہیں دھند لا جائیں،
وہاں اپنی لو سے سمت کا گمان پیدا کرے۔
شہر کے باسی اس چراغ کو محض روشنی نہیں کہتے تھے، اسے امانت سمجھتے تھے؛
کیونکہ چراغ کا منصب جلنا تھا اور شہر کا یقین اس کی روشنی سے وابستہ تھا۔
ریاستوں کی تاریخ بھی عجیب صحیفہ ہے؛ اس میں تخت و تاج کے تذکرے کم نہیں، مگر اصل داستانیں ان لوگوں کے نام سے رقم ہوتی ہیں جنہوں نے اختیار کو آسائش نہیں، امانت جانا؛
جن کے لیے منصب کرسی نہ تھا بلکہ ایک ایسا عہد تھا
جس کے ہر حرف پر جواب دہی کی مہر ثبت ہوتی تھی۔
ایسے کردار جب کسی شہر کی حفاظت کا بار اپنے کاندھوں پر لیتے ہیں تو محض وردی نہیں پہنتے، اپنے سینے پر ایک پورے معاشرے کا خوف، اعتماد، فریاد اور امید سجا لیتے ہیں۔
اسلام آباد کی خاموش شاہراہوں، اس کے بیدار چوراہوں اور رات کی نیم خوابیدہ گلیوں میں بھی آج ایک ایسی ہی داستان کا ابتدائی ورق کھلا ہے؛
جس میں ایک طرف قانون کی اٹھتی تحریر ہے
اور دوسری طرف عوام کی وہ خاموش دعا،
جو ہمیشہ کسی ایسے نگہبان کی منتظر رہتی ہے
جو اختیار کے ایوان سے نہیں،
فرض کے محراب سے نکلتا ہے۔
بعض اشخاص عہدوں پر فائز نہیں ہوتے، عہدے ان کے کردار کی دہلیز پر آ کر اپنی معنویت دریافت کرتے ہیں۔
تاریخ کے زرد اوراق میں ایسے نام بھی ملتے ہیں جنہیں محض سرکاری فہرستوں،

تعیناتیوں اور منصبی مراتب کی میزان میں رکھ کر تولنا،
گویا کسی قدیم مینار کی بلندی کو اس کے سائے سے ناپنے کے مترادف ہے۔
ایسے کردار اپنے ساتھ صرف ایک عہدہ نہیں لاتے،
بلکہ تجربات کی وہ خاموش کتاب بھی لاتے ہیں
جس کے اوراق پر شہر در شہر کی گلیاں،
جرائم کی تاریک راہیں،
دہشت گردی کے دھندلکے،
عوام کی فریادیں، اہلکاروں کی تھکن
اور فرض کی وہ صلیب ثبت ہوتی ہے جسے اٹھانے کے لیے محض وردی کافی نہیں ہوتی،
سینے میں ایک زندہ ضمیر بھی درکار ہوتا ہے۔
اسلام آباد کی فضا میں آج ایک ایسا ہی نیا باب رقم ہوا ہے۔ کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے ستمبر 2026 میں وفاقی دارالحکومت کی پولیس کی کمان سنبھالی تو یہ محض ایک انتظامی تقرری نہ تھی؛
یہ ایک ایسے افسر کو ایک ایسے شہر کی حفاظت سپرد کیے جانے کا مرحلہ تھا
جو پاکستان کے سیاسی، سفارتی، انتظامی اور شہری وجود کا آئینہ بھی ہے اور امتحان گاہ بھی۔ کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی پولیس زندگی کسی ایک دفتر کی میز سے عبارت نہیں۔
ان کے پیشہ ورانہ سفر میں لاہور کی ٹریفک،
فیصل آباد کی شہری پولیسنگ،
لاہور کی آپریشنل کمان،
پنجاب کے انسدادِ دہشت گردی کے میدان اور ملتان ریجن کی وسیع تر پولیس ذمہ داریاں شامل رہی ہیں۔ وہ چیف ٹریفک آفیسر لاہور،
سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد،
ڈی آئی جی آپریشنز لاہور،
ڈی آئی جی کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ پنجاب
اور ریجنل پولیس آفیسر ملتان
جیسے اہم مناصب پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔
یہ عہدے محض اختیارات کے مختلف عنوانات نہیں؛
ہر منصب اپنی الگ آزمائش رکھتا ہے۔ ٹریفک پولیسنگ میں شہر کی نبض کو سمجھنا پڑتا ہے، ضلعی پولیسنگ میں جرم کے بدلتے ہوئے چہرے کو پڑھنا پڑتا ہے،
آپریشنل کمان میں لمحوں کے فیصلے درکار ہوتے ہیں،
انسدادِ دہشت گردی میں معمولی غفلت بھی غیر معمولی نقصان کا سبب بن سکتی ہے،
جبکہ ایک ریجن کی نگرانی میں مختلف اضلاع، مختلف مزاج، مختلف جرائم اور مختلف انسانی مسائل ایک ہی ذمہ داری کے دامن میں سمٹ آتے ہیں۔
سہیل چوہدری کا کیریئر انہی متنوع تجربات کے راستوں سے گزرتا ہوا اسلام آباد تک پہنچا ہے۔
اور شاید یہی وہ مقام ہے جہاں عوام کی توقعات کا چراغ روشن ہوتا ہے۔
عوام پولیس سے صرف یہ نہیں چاہتے کہ مجرم گرفتار ہو؛
وہ چاہتے ہیں کہ فریادی کی آواز سنی جائے۔
وہ صرف یہ نہیں چاہتے کہ سڑک پر ناکہ موجود ہو؛
وہ چاہتے ہیں کہ قانون کی نگاہ میں شہری کی عزت بھی محفوظ ہو۔
وہ صرف یہ نہیں چاہتے کہ تھانے کی عمارت قائم ہو؛
وہ چاہتے ہیں کہ تھانے کا دروازہ انصاف کی طرف کھلتا ہوا محسوس ہو۔ یہی وہ بنیادی احساس ہے جسے نئے آئی جی نے اپنے ابتدائی بیانات اور اقدامات میں شہریوں کی زندگی و املاک کے تحفظ،
بروقت پولیس خدمات،
جرم کی روک تھام، قانون کی حکمرانی، بہتر ٹریفک انتظام، جدید ٹیکنالوجی اور عوامی اعتماد سے جوڑا ہے۔
ان کے منصب کا ایک قابلِ توجہ پہلو یہ بھی ہے کہ انہوں نے چارج سنبھالتے ہی شہدائے اسلام آباد پولیس کی یادگار پر حاضری دی،
پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ پولیس کی وردی کے پیچھے جو انسانی تاریخ چھپی ہوتی ہے، اسے سمجھنے کے لیے شہید کی قبر سے زیادہ کوئی درس گاہ نہیں
۔ جو افسر اپنے منصب کے آغاز میں ان لوگوں کو یاد کرے
جنہوں نے اسی ادارے کے لیے اپنی جانیں قربان کیں،
اس کے لیے پولیس محض ایک انتظامی مشینری نہیں رہتی بلکہ ایک امانت بن جاتی ہے۔
یہاں سے سہیل چوہدری کے کردار کا وہ پہلو بھی سامنے آتا ہے
جسے الفاظ کی ظاہری چمک سے نہیں،
عمل کے تسلسل سے پرکھا جا سکتا ہے۔ اسلام آباد کا نیا پولیس چیف محض مرکزی دفتر کی چار دیواری تک محدود رہنے کے بجائے ابتدائی دنوں میں شہر کے مختلف حصوں،
فیلڈ ڈپلائمنٹ، سکیورٹی انتظامات، رسپانس میکانزم، پولیس اسٹیشنز اور کیپٹل پیٹرولز کا جائزہ لیتا دکھائی دیا۔ انہوں نے پولیس اسٹیشنوں کو شہری اور پولیس کے براہِ راست رابطے کا بنیادی مقام قرار دیتے ہوئے بروقت، مؤثر اور باوقار عوامی خدمت پر زور دیا۔
یہ تصور بظاہر مختصر ہے مگر پولیسنگ کی پوری فلسفیانہ عمارت اسی ایک ستون پر کھڑی ہوتی ہے کہ قانون کا چہرہ شہری کے سامنے خوف کا استعارہ نہیں بلکہ تحفظ کی علامت ہو۔
اگر فریادی تھانے میں داخل ہوتے ہوئے اپنے آپ کو بے یار و مددگار نہ سمجھے،
اگر ایک کمزور آدمی یہ یقین رکھ سکے کہ اس کی بات اس کے لباس، عہدے،
دولت یا تعلقات سے بے نیاز ہو کر سنی جائے گی،
اگر پولیس اہلکار بھی یہ محسوس کرے کہ اس کی اپنی عزت، تربیت، سہولت اور پیشہ ورانہ وقار ریاست کی ترجیح ہے، تو پولیس اور عوام کے درمیان وہ فاصلے کم ہونا شروع ہوتے ہیں جنہیں برسوں کی بداعتمادی نے بڑھایا ہوتا ہے
۔ سہیل چوہدری کی موجودہ حکمتِ عملی میں جدید پولیسنگ اور ٹیکنالوجی کا حوالہ بھی نمایاں ہے۔ اسلام آباد پولیس پہلے ہی جدید نگرانی، کمانڈ اینڈ کنٹرول اور ٹیکنالوجی پر مبنی نظام کی طرف بڑھ رہی ہے،
جبکہ نئے آئی جی نے بھی جدید ٹیکنالوجی کے بہتر استعمال،
جرم کی روک تھام اور رسپانس میکانزم کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا ہے
۔ مگر ٹیکنالوجی، خواہ کتنی ہی برق رفتار کیوں نہ ہو، پولیس کے انسانی چہرے کا بدل نہیں۔ کیمرہ جرم دیکھ سکتا ہے، مگر فریادی کے آنسو نہیں سمجھ سکتا؛ ڈیجیٹل نظام مقام بتا سکتا ہے،
مگر ایک ماں کے انتظار کی اذیت نہیں ناپ سکتا۔

اس لیے اصل کامیابی وہاں ہوگی جہاں اہنی نظم و ضبط اور انسانی شفقت ایک دوسرے کی ضد نہ رہیں
بلکہ ایک ہی پولیس فلسفے کے دو بازو بن جائیں۔
یہی وہ مقام ہے جہاں ایک افسر کی انتظامی صلاحیت اس کے اخلاقی شعور سے ہم آہنگ ہوتی ہے۔
کاؤنٹر ٹیررازم کے حالیہ دورے میں بھی سہیل چوہدری نے عملی تربیت، آپریشنل تیاری، بروقت ردعمل اور دہشت گردی کے بدلتے ہوئے خطرات کے مقابلے کے لیے پیشہ ورانہ استعداد پر زور دیا،
جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے CTD اہلکاروں میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔
اس طرزِ عمل میں ایک اہم انتظامی اصول پوشیدہ ہے: ادارہ صرف حکم سے نہیں چلتا، اعترافِ محنت سے بھی مضبوط ہوتا ہے۔
جو سپاہی میدان میں اپنی جان ہتھیلی پر رکھتا ہے،
اس کے لیے ایک سربراہ کی زبان سے نکلنے والا اعتراف بھی بعض اوقات ایک پوری رات کی تھکن کا مداوا بن جاتا ہے
۔ اور پھر یہ حقیقت بھی قابلِ ذکر ہے کہ ان کے ابتدائی اقدامات میں پولیس اہلکاروں کی فلاح، تھانوں کی سہولیات، تعمیراتی معیار اور شہریوں کے لیے صاف، محفوظ اور سہولت بخش ماحول پر بھی توجہ دکھائی دیتی ہے۔
گویا پولیس کی خدمت صرف سڑک پر کھڑے اہلکار کی ذمہ داری نہیں بلکہ اس اہلکار کے پیچھے موجود پورے ادارہ جاتی ڈھانچے کی ذمہ داری ہے۔
کسی افسر کے بارے میں دیانت،
خدا ترسی، نیکی اور اخلاص جیسے الفاظ لکھنا آسان ہے
، مگر ان باطنی اوصاف کا قطعی فیصلہ کسی صحافتی مضمون کا منصب نہیں۔
البتہ ایک افسر کے طرزِ عمل میں فرض کی پاسداری،
شہداء کے لیے احترام، عوامی خدمت پر اصرار،
ماتحت عملے کی پیشہ ورانہ تربیت، شہری سہولت اور قانون کی حکمرانی کی ترجیح ایسے شواہد ضرور ہیں
جن سے اس کے منصبی مزاج کی ایک تصویر بنتی ہے۔
سہیل چوہدری کے موجودہ اقدامات اسی تصویر کے ابتدائی خدوخال سامنے لا رہے ہیں۔
اسلام آباد کے شہریوں کو ان سے توقعات یقیناً بہت ہیں۔
یہ شہر صرف شاہراہوں،
سفارت خانوں، ایوانوں اور سرکاری عمارتوں کا نام نہیں؛ اس کے اندر لاکھوں انسانی کہانیاں سانس لیتی ہیں۔
کسی گھر میں باپ رات کی ڈیوٹی سے لوٹنے والے بیٹے کا منتظر ہے،
کسی نوجوان کو اپنی دکان کی حفاظت کی فکر ہے،
کسی خاتون کو راستے کا تحفظ درکار ہے، کسی طالب علم کو محفوظ سفر چاہیے، کسی تاجر کو قانون کی یکساں عمل داری، کسی بزرگ کو تھانے میں عزت اور کسی مظلوم کو صرف یہ یقین کہ اس کی فریاد بے آواز نہیں ہوگی۔ یہی عوامی توقعات نئے آئی جی کے منصب کو محض اختیار نہیں
بلکہ ایک عظیم امانت بناتی ہیں۔
ان کے سامنے چیلنج صرف جرائم کی تعداد کم کرنا نہیں؛
اصل امتحان پولیس اور شہری کے درمیان اعتماد کی اس رگ کو مضبوط کرنا ہے
جس میں ریاست اور معاشرہ ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔ قانون کی بالادستی اس وقت زندہ محسوس ہوتی ہے جب طاقتور بھی اس کے سامنے جواب دہ ہو اور کمزور بھی اس کے سائے میں خود کو محفوظ سمجھے۔
کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زندگی کا عسکری پس منظر اور بعد ازاں پولیس سروس میں طویل فیلڈ تجربہ انہیں ایک ایسا پیشہ ورانہ امتزاج فراہم کرتا ہے
جس میں نظم، آپریشن، کمان، فیصلہ سازی اور پولیسنگ کے مختلف میدانوں کا تجربہ شامل ہے۔
لیکن اسلام آباد میں ان کی اصل شناخت آنے والے دنوں کے عملی نتائج سے تشکیل پائے گی۔
تاریخ کسی افسر کو اس کے عہدہ سنبھالنے کے لمحے پر مکمل سند نہیں دیتی؛
تاریخ اس کے فیصلوں،
اصلاحات، اہلکاروں کے ساتھ برتاؤ، شہریوں کے ساتھ رویے اور ادارے پر چھوڑے ہوئے اثرات سے اپنا فیصلہ لکھتی ہے
۔ اس لیے آج کی تحریر دراصل ایک امید کا دیباچہ ہے؛
ایک ایسے سفر کا ابتدائی ورق جس پر ابھی بہت کچھ لکھا جانا باقی ہے
۔ ایک طرف اسلام آباد کی گلیاں ہیں،
دوسری طرف قانون کا وقار؛
ایک طرف شہری کی فریاد ہے،
دوسری طرف وردی کا عہد؛
ایک طرف جرم کی تاریکی ہے،
دوسری طرف ریاستی نظم کا چراغ۔ ان سب کے درمیان کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کھڑے ہیں
، ایک ایسے منصب کے امین کی حیثیت سے جس میں اختیار سے زیادہ جواب دہی ہے اور کرسی سے کہیں زیادہ امانت۔ اور شاید کسی پولیس افسر کے لیے اس سے بڑا خراجِ تحسین کیا ہوگا کہ لوگ اس کی وردی کو دیکھ کر خوف نہیں، تحفظ محسوس کریں؛ تھانے کا دروازہ دیکھ کر مایوسی نہیں
، امید پیدا ہو؛
شہید کی یادگار پر کھڑے ہو کر ادارے کو اپنی تاریخ یاد رہے؛ اور قانون کی کتاب ہاتھ میں ہو تو اس کے حروف میں کسی کمزور کی محرومی نظر نہ آئے۔
اسلام آباد کی راتیں بہت کچھ دیکھتی ہیں۔ ایوانوں کی روشنیاں،
خاموش شاہراہیں، سفارتی قافلے،
جاگتے ہوئے ناکے اور کہیں دور کسی گھر کی کھڑکی میں جلتا ہوا ایک معمولی سا چراغ۔
اسی چراغ کے نیچے ایک عام شہری اپنے ریاستی محافظ سے صرف ایک چیز چاہتا ہے:
امن، انصاف اور عزت۔ اگر کسی پولیس سربراہ کا مشن ان تین لفظوں کو عملی حقیقت میں ڈھالنے کی جدوجہد بن جائے، تو منصب اپنی ظاہری عظمت سے نکل کر خدمت کی معنوی رفعت تک پہنچ جاتا ہے۔
کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے لیے اسلام آباد میں اصل داستان اب شروع ہوئی ہے؛
اور اس داستان کا سب سے خوبصورت جملہ وہ ہوگا جو کسی سرکاری فائل میں نہیں،
کسی عام شہری کے دل میں لکھا جائے گا: ''پولیس آئی تھی،
اور ہمیں اپنا سمجھ کر گئی تھی۔''

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

طبی عملہ اپنی ذمہ داریاں دیانت داری، پیشہ ورانہ جذبہ کے ساتھ انجام دے، ڈی سی

سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح میں شامل ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے میٹرنٹی ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن کا اچانک دورہ کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری اور مریضوں کو دی جانے والی خدمات کے معیار کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری چیک کی اور ڈیوٹی روسٹر کے مطابق عملے کی موجودگی کے ریکارڈ کا معائنہ بھی کیا اور کہا کہ مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جائیں اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ انجام دیں اور ہسپتال آنے والی خواتین بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ہسپتال کی صفائی، نظم و ضبط اور مریضوں کی سہولت کیلئے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔

☆☆☆☆

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

GUJRANWALA

ترقیاتی کام مؤثر کرنے کے لئے حفاظتی انتظامات پر صورت عملدرآمد کا حکم

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، تجاوزات، سیوریج، جاری ترقیاتی منصوبوں اور شہری سہولیات کی صورتحال کا جائزہ لیا، جبکہ بازاروں میں سیوریج کے مسائل کے فوری حل کیلئے واسا حکام کو ہدایات دیں

کچا ایمن آباد روڈ ڈسپوزل چوک اور ملحقہ علاقوں کے دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا اور صفائی کی ناقص صورتحال پر متعلقہ کنٹریکٹر کو فوری بہتری لانے اور درکار وسائل کی فراہمی یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، تجاوزات، سیوریج، جاری ترقیاتی منصوبوں اور شہری سہولیات کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ کچا ایمن آباد روڈ ڈسپوزل چوک اور ملحقہ علاقوں کے دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا اور صفائی کی ناقص صورتحال پر متعلقہ کنٹریکٹر کو فوری بہتری لانے اور درکار وسائل کی فراہمی یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے جبکہ بازاروں میں سیوریج کے مسائل کے فوری حل کیلئے واسا حکام کو ہدایات دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے جی ٹی روڈ کنگنی والا کا بھی دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، تجاوزات اور تعمیراتی سائٹس کی صورتحال کا معائنہ کیا۔ قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول روڈ پر جاری پی ڈی پی سیوریج سکیم کا معائنہ کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے سیوریج لائن کی تنصیب، مین ہولز اور روڈ بحالی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے واسا حکام کو مین ہولز اور روڈ بحالی کے کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے تعمیراتی کاموں کے دوران سائٹ پر حفاظتی اقدامات اور معیاری میٹریل کے استعمال کو ہر صورت یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ کچا ایمن آباد روڈ پر سیوریج لائن کی تنصیب کے بعد جاری روڈ بحالی کے کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے مختلف مقامات پر حفاظتی اقدامات کے مناسب انتظامات نہ ہونے کا سخت نوٹس لیا۔ انہوں نے ایم ڈی واسا کو ہدایت کی کہ سڑک پر جاری تعمیراتی کام کے دوران شہریوں کی حفاظت کیلئے موثر حفاظتی اقدامات اور ایس او پیز پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

گوجرانوالہ۔ سلیمانی ویلفیئر سوسائٹی گوجرانوالہ رجسٹرڈ پنجاب کے زیر اہتمام محفلِ میلاد کی تقریب سے ممتاز روحانی شخصیت پیر خواجہ نوید حسین دربار اللہ ہو والے، صدر تنویر احمد جنجوعہ، عاصم جاوید بٹ، عابد علی جنجھول، شبیر احمد کھوکھر، سیف اللہ چیمہ، خالد محمود گھمن، محمد سلیم جنجھول و دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

انچارج وفاقی محتسب آفس کل بروز بدھ نارووال میں وفاقی محکموں کیخلاف عوامی شکایات سنیں گے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس مشتاق احمد اعوان کل بروز بدھ 10 بجے ڈپٹی کمشنر نارووال کے دفتر میں وفاقی محکموں کیخلاف عوامی شکایات سنیں گے۔ اس روز رجسٹرڈ شکایات کی سماعت ہوگی بیشتر شکایات گیپکو، ایف آئی اے، پاکستان پوسٹ آفس، سوئی گیس، نادرا اور دیگر وفاقی محکمہ جات کے بارے میں ہیں۔ جسکے بارے میں سائلین اور متعلقہ وفاقی محکموں کے افسران کو پیشگی نوٹس بھجوائے جا چکے ہیں۔ انچارج ریجنل آفس گوجرانوالہ اسی روز ریڈیو پاکستان ایف ای

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے فیصل فدا سے بوجہ نافرمانی، بدتمیزی، غلط حرکات اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں، میں آئندہ اسکے کسی قول فعل لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں، المشتہر۔ رزاق حسین ولد جماعت علی چشتی سکنہ کوٹ بخشہ تحصیل وضلع پاکپتن

Cr..Wqar Farid

بعدالت جناب وقاص مرتضیٰ جنجوعہ صاحب سول جج تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع عنوان مقدمہ عصمہ قمر بنام غلام مجتبیٰ راجہ اخبار اشتہار بنام غلام مجتبیٰ راجہ ولد راجہ لیاقت علی ساکن گاؤں بھاٹہ تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 13-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/ج فیملی کورٹ قصور

نائلہ مسیح بنام سانول مسیح دعویٰ۔ پٹیشن تنسیخ نکاح۔ اشتہار بنام؛۔ سانول مسیح ولد اسلم مسیح ساکن بستی برات شاہ تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 30-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب عقیل احمد جنجوعہ صاحب سول جج درجہ اول ملکوال

۔ دعویٰ تنسیخ نکاح۔ سوریا اسلم بنام حسن شہزاد۔ اشتہار بنام۔ حسن شہزاد ولد محمد اشرف ساکن آزاد نگر ملکوال ضلع منڈی بہاوالدین۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 29-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب ربیعہ جمیل صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،

اپیل فیملی

عشرت رانی دختر محمد صابر حسین وغیرہ بنام اعجاز احمد ولد عبدالحمید محلہ نیا میانہ پورہ شرقی سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 13-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال عدنان احمد ولد احسان الحق کا انتقال وراثت رحیم کریم ٹاؤن چک نمبر 2 فور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں وحید احمد۔ سعید احمد۔ افتخار احمد۔ عمران احمد۔ ابرار احمد۔ امتیاز احمد برادران فاخرہ صدف ہمشیرہ متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عصر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنا خلع

عنوان نور فاطمہ بنام زین العابدین

اشتہار بنام زین العابدین ولد امانت علی ساکن وارڈ نمبر 3 محلہ بابا مٹھو شاہ مصطفیٰ آباد قصور

مدعا علیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعا علیہم تعمیل سمن سکیریزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 1-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLR صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔ انتقال وراثت متوفی محمد رمضان ولد محمد علی موضع گنیش پورہ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے واثان میں، چھ بیٹے، محمد اکرم، محمد اسلم، محمد اشرف، محمد افضل، محمد ظفر، محمد اجمل، ایک بیٹی خدیجہ بی بی زندہ حیات درج ہیں۔ لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Rana Attaullah

*بعدالت جناب محمد فاروق صاحب ایڈیشنل سیشن جج تحصیل وضلع جھنگ محمد انور بنام آسمہ بی بی اپیل فیملی

اشتہار بنام آسمہ بی بی دختر ریاض حسین سکنہ چاہ لنگاہ آباد موضع لکبدھر تحصیل وضلع جھنگ، مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 1-10-2026 اصالتاً وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

گمشدگی کاغذات

میری موٹر سائیکل اپلائیڈ فار ماڈل 2019 برنگ سرخ ہنڈا۔ سی ڈی 70۔ انجن نمبر C311386 چیسز نمبر JB958895 کا اوریجنل لیٹر انوائس کہیں گر کر گم ہوگئی ہے کسی کو ملے تو مطلع کرے، المشتہر۔ محمد افضل ولد سردار علی سکنہ 22 ایس پی پاکپتن

Cr..Wqar Farid

از دفتر ایڈمنسٹریٹر مونسپل کمیٹی تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اکرم ولد خوشی محمد سکنہ محلہ پیر کریاں تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے، میرے بچوں شاہ زیب، محمد احمد، افراء کے برتھ سرٹیفکیٹ میں میری بیوی عابدہ بی بی کا شناختی کارڈ نمبر 3640269983492 درج نہ ہے، شناختی کارڈ درج کرنا قانونی امر ہے، لہٰذا مونسپل کمیٹی پاکپتن میں میرا شناختی کارڈ نمبر درج کیا جائے

Cr..Wqar Farid

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/ج فیملی کورٹ قصور

نمرہ نواز بنام احمد رضا مقدمہ نمبر 304/FC بابت سال 26-09-12 دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان نفقہ۔ اشتہار بنام؛۔ احمد رضا ولد محمد شریف سکنہ موضع جوڑا تحصیل وضلع قصور 0301-4295227 مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 29-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

سنٹلز (گلوبل پوزیشنگ سسٹم) میں غیر معمولی مداخلت کی وجہ سے فلائٹ ٹریکنگ میں بڑی گڑبڑ سامنے آرہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فلائٹ ریڈار 24 پر ہفتے اور اتوار کی رات سوا 2 بجے دوحہ سے پہنچی پرواز کیو آر 630 سیالکوٹ ایئرپورٹ پر لینڈنگ اپروچ پر تھی کہ جی پی ایس اسپوفنگ، سگنلز جیمنگ یا لوکیشن گلچر کی وجہ سے فلائٹ ریڈار پر مقبوضہ کشمیر کے جموں ایئرپورٹ پر ڈائیورٹ ظاہر ہوئی، علاقے میں ایسا عام ہو چکا ہے خاص طور پر جون 2026 میں 1 دن میں 3 پروازوں کی لوکیشن بدل گئی۔ 26 جون کو دبئی کی پرواز ایف زیڈ 337 نے معمول کے مطابق سیالکوٹ لینڈ کیا مگر سگنلز اسپوفنگ یا لوکیشن گلچر کی وجہ سے فلائٹ ریڈار ڈیٹا نے اسے مقبوضہ جموں وکشمیر ڈائیورٹ ظاہر کیا۔ اسی طرح 27 جون کو شارجہ کی پرواز جی 9552 اور دبئی سے ایف زیڈ 337 معمول کے مطابق سیالکوٹ اتری مگر لینڈنگ اپروچ پر ڈیٹا ایرر کی وجہ سے ان پروازوں کی جموں ایئرپورٹ پر متبادل لینڈنگ ظاہر ہوئی۔ علامہ اقبال ایئرپورٹ کی کئی پروازوں کے ساتھ بھی ایسا ہو چکا ہے۔ ایوی ایشن ماہرین کے مطابق جی پی ایس اسپوفنگ، سگنلز جیمنگ، لوکیشن گلچر یا اے ڈی ایس بی ایرر کے باعث اکثر ٹریکنگ ویب پر مقام کے کوڈز میچ نہیں ہوتے، فضائی روٹس کی پوزیشن درست ظاہر نہ ہونے سے ڈیٹا ڈیفالٹ سینگو پر چلا جاتا ہے۔

بقیہ **7** سحر

حکومت کرانے کے لیے مشترکہ حکمتِ عملی پر اتفاق کرلیا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں یائر لاپید، گادی آئزن کوٹ، نفتالی بینیٹ، ایویگڈور لیبرمین اور یائر گولان نے تل ابیب میں ملاقات کی۔ اسرائیلی اپوزیشن کے رہنماں نے موجودہ حکومت کو تبدیل کرنا اپنا مشترکہ اہم ترین مقصد قرار دیتے ہوئے انتخابات سے قبل ایک دوسرے کے خلاف مہم نہ چلانے کا عہد کیا۔ رپورٹ کے مطابق اپوزیشن اتحاد نے ووٹرز کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنانے، مختلف طبقات کی حمایت حاصل کرنے اور انتخابات میں اکثریت حاصل کر کے نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے 3 مشترکہ ورکنگ گروپس بنانے کا بھی فیصلہ کیا۔ پہلا گروپ ووٹرز کی شرکت بڑھانے اور انتخابات کی شفافیت یقینی بنانے، دوسرا نئی حکومت کے بنیادی نکات، 7 اکتوبر 2023 کے حملوں کی تحقیقات کے لیے سرکاری کمیشن اور نئے آئین کی تیاری جبکہ تیسرا میڈیا سے متعلق حکمتِ عملی اور مبینہ جھوٹی خبروں و منفی مہمات کا مقابلہ کرنے پر کام کرے گا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اپوزیشن رہنمائے وزیرِ اعظم کے امیدوار پر اتفاق نہیں کر سکے۔ عرب میڈیا کے مطابق اپوزیشن رہنما نفتالی بینیٹ نے کہا ہے کہ اپوزیشن نے انتخابات، انتخابی دن اور اس کے بعد مکمل تعاون پر اتفاق کیا ہے، ان کا دعویٰ ہے کہ اپوزیشن اتحاد 63 نشستیں حاصل کرکے اسرائیل میں نئی حکومت تشکیل دے سکتا ہے۔ دوسری جانب نیتن یاہو نے اپوزیشن اتحاد کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ یہ پانچوں اپوزیشن رہنما عرب جماعتوں کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کی کوشش کریں گے۔ نیتن یاہو نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ صرف اسٹرانگ لیکوڈ جماعت (اسرائیل میں دائیں بازو کی بڑی سیاسی جماعت) ہی انہیں روک سکتی ہے۔

بقیہ **8** سحر

انٹرنیشنل ایئرپورٹ عمیر خان نے اپنے بیان میں کہا کہ دوحا سے آنے والی قطر ایئر لائنز کی پرواز نے 27 ستمبر کی صبح سیالکوٹ ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، قطر ایئر لائنز کی پرواز نے شیڈول کے مطابق دوبارہ دوحا کے لیے اڑان بھری۔ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ترجمان نے بتایا کہ فلائٹ ریڈار 24 پر تکنیکی خرابی اور جی پی ایس کی غلط معلومات کے باعث پرواز کو غلط مقام پر دکھایا گیا۔ ترجمان کے مطابق قطر سے آنے والی پرواز نے مقبوضہ جموں نہیں بلکہ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، پرواز کی لینڈنگ کی تصدیق پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے ریڈار سسٹم سے بھی کی جاسکتی

بقیہ **9** سحر

نئی پابندی عائد کردی گئی ہے، خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی۔ پی آئی اے سرکلر کے مطابق فضائی میزبانوں کو دورانِ فلائنگ ڈیوٹی صرف ایک سگریٹ پیکٹ لے جانے کی اجازت ہوگی۔ خلاف ورزی پر فضائی میزبانوں کی معطلی یا فلائنگ سے ہٹایا جاسکتا ہے۔ پی آئی اے سرکلر کے مطابق ایک فضائی میزبان دوران ٹریول صرف 20 سگریٹ لے جاسکتا ہے، زیادہ لے جانے پر فضائی میزبانوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، سرکلر کے مطابق فضائی میزبانوں کو جہاز پر روانگی سے قبل بریفنگ میں بھی آگاہی کی ہدایت کردی گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں ملتان سے جدہ جانے والی پرواز کے پانچ فضائی میزبانوں سے بڑی تعداد میں سگریٹ پیکٹ ملے تھے۔ معاملے پر پانچوں فضائی میزبانوں کے خلاف پی آئی اے کے شعبہ ایچ آر میں تحقیقات جاری

بقیہ **10** سحر

نے کا فیصلہ کر لیا۔ خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن کے مطابق مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا مقصد صحت کے شعبے میں معیار، رسائی اور کوریج کو بہتر بنانا ہے اس سلسلے میں اہل اور تجربہ کار فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچر زسے دلچسپی کے اظہار کی درخواستیں طلب کر لی گئی ہیں۔ فاؤنڈیشن کے مطابق دیر لوئر، ہنگو، ہری پور، کرک، کوہاٹ، کرم، لکی مروت، اورکزئی، بونیر، پشاور اور سوات کے مراکز صحت آؤٹ سورسنگ کے لیے فہرست میں شامل ہیں۔ اسی طرح شانگلہ، نوشہرہ، شمالی وزیرستان، مہمند، ڈیرہ اسماعیل خان اور بنوں کے مراکز صحت بھی آؤٹ سورسنگ کے منصوبے کا حصہ ہوں گے۔ خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن کے مطابق ہر صحت مرکز کو الگ پراجیکٹ تصور کیا جائے گا، جبکہ خواہشمند امیدواروں کو فارم 4 کے مطابق اپنی ترجیحات ظاہر کرنا ہوں گی۔ فاؤنڈیشن نے واضح کیا کہ مراکز صحت کی مینجمنٹ اور آپریشنز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آٹ سورس کیے جائیں گے، جس کے لیے اہل اور تجربہ رکھنے والی فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچرز سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔

بقیہ **11** سحر

کی نئی تاریخ رقم ہونے جا رہی ہے، کیونکہ چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن پر جانے والے پہلے غیر ملکی خلاباز کے طور پر کسی ایک پاکستانی کے انتخاب کا وقت قریب آ گیا ہے۔ پاکستانی پائلٹس ذیشان علی اور خرم داد بیجنگ کے چائنا انٹرنیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ سینٹر میں کئی ماہ سے چینی زبان سیکھنے سمیت سخت اور جامع تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ یہ خلائی مشن دونوں ممالک کے درمیان 2019 میں طے پانے والے تعاون کا حصہ ہے۔ پاکستان کے خلائی ادارے سپارکو میں انسان بردار خلائی تعاون کے سربراہ عامر گیلانی کے مطابق حتمی خلاباز کے نام کا فیصلہ اکتوبر کے وسط یا آخر تک متوقع ہے، پاکستان کے لیے یہ تاریخ میں پہلا موقع ہوگا کہ اس کا کوئی شہری خلا میں پرواز کرے گا۔ منتخب ہونے والا پائلٹ پاکستان واپس آئے بغیر براہِ راست چین سے خلائی مشن پر روانہ ہوگا اور زمین پر واپسی کے بعد صحت یابی کے عمل سے گزر کر وطن لوٹے گا۔ سپارکو کے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر عزیر انصاری نے بتایا کہ ابتدائی طور پر پائلٹوں اور سائنس دانوں کے بڑے پول میں سے 42 فائنلسٹس منتخب کیے گئے، جن کا طبی معائنہ اور نفسیاتی ٹیسٹ لیا گیا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ سائنس دانوں میں تیز رفتار پرواز اور شدید جسمانی دباؤ برداشت کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے، اسی لیے فائٹر پائلٹس کا انتخاب کیا گیا۔ خلا میں جانے والا پاکستانی خلاباز پے لوڈ اسپیشلسٹ کی ذمہ داریاں سنبھالے گا، جس کا بنیادی کام خلائی جہاز چلانے کے بجائے پاکستان کے سائنسی تجربات کو سرانجام دینا ہو گا۔ کراچی، لاہور اور اسلام آباد کی یونیورسٹیوں کی جانب سے بھیجی گئی 300 سے زائد تجاویز میں سے چینی اداروں نے چار بائیوٹیکنالوجی تجربات کا انتخاب کیا ہے، جو غذائی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے میں مدد دیں گے۔ عزیر انصاری نے کہا کہ یہ ہمارے سائنس دانوں کے لیے زندگی میں ایک بار ملنے والا انتہائی نایاب موقع ہے، جہاں پاکستانی ٹیکنالوجی کو عالمی پلیٹ فارم پر جانچا جا رہا ہے، اگرچہ پاکستان کا اپنا کوئی خلائی جہاز یا راکٹ نہیں ہے اور یہ مشن مکمل طور پر چینی ٹیکنالوجی، زبان اور رہنمائی پر منحصر ہے، تاہم یہ شراکت داری انتہائی وسیع ہے۔ چین اور پاکستان کا یہ تعاون خلائی اسٹیشن تک ہی محدود نہیں بلکہ 2028 کے قریب چین کے چانگ ای ایٹ قمری مشن پر ایک پاکستانی روبوٹک روور بھی چاند پر بھیجا جائے گا، چاند کی سطح پر بھیجا جانے والا یہ روور خود کار نظام اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے راستے کی رکاوٹیں تلاش کرے گا اور اپنے راستے کا تعاقب کرے

بقیہ **12** سحر

سابق وزیر اعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد کی اہلیہ ڈاکٹر حسمہ محمد علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو ایوان صدر میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر نے اس افسوسناک موقع پر ڈاکٹر مہاتیر محمد، ان کے اہل خانہ اور ملائیشیا کی عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ صدر زرداری نے کہا کہ ڈاکٹر حسمہ کی طب، عوامی صحت اور سماجی بہبود کے شعبوں میں طویل اور ممتاز خدمات کو احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومہ کی روح کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ڈاکٹر مہاتیر محمد اور سوگوار خاندان کو اس ناقابلِ تلافی صدمے کو برداشت کرنے کی ہمت اور صبر عطا

بقیہ **13** سحر

جب انہیں بروقت، معتبر اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی حاصل ہو۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ آئین پاکستان شہریوں کے حقِ معلومات کے لیے واضح بنیاد فراہم کرتا ہے، 18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے اظہارِ رائے کی آزادی کے آئینی ڈھانچے کو مزید مضبوط کیا گیا اور آرٹیکل 19-اے شامل کیا گیا، جس کے تحت ہر شہری کو عوامی اہمیت کے تمام معاملات میں معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے، تاہم یہ حق قانون کے تحت عائد ضابطوں اور معقول پابندیوں سے مشروط ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ رائٹ آف ایکسیس ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 وفاقی سطح پر معلومات تک رسائی کے لیے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے، تاہم ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی تیز رفتار ترقی نے معلومات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے طریقہ کار کو تبدیل کردیا ہے۔

بقیہ **14** سحر

حقق نے مسی روشنی سے متاثر نہ ہونے والی الٹرا وائلٹ-سی شعاعوں کی شناخت کے لیے کم لاگت پر مبنی ایک ممکنہ طریقہ کار کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔

بقیہ **15** سحر

ویلفیئر اینڈ پبلک ویلفیئر ڈویلپمنٹ سینٹر، چائنا پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن اور پاکستان کے شفا ہیلتھ کیئر گروپ کے اشتراک سے پنجاب کے شہر سرگودھا کے ایک گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اور ایک گورنمنٹ ایلیمنٹری اسکول میں طلبہ کی فلاح و بہبود کے لیے دو تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن کے دوران 100 طلبہ میں تعلیمی اور کھیلوں کا سامان تقسیم کیا گیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق تقسیم کیے جانے والے سامان میں اسکول بیگز، رنگ بھرنے کی کتابیں، مارکرز، جیومیٹری باکس، فٹ بالز اور دیگر تعلیمی اشیا شامل تھیں۔ چینی بچوں کی جانب سے بنائی گئی پینٹنگز بھی تحائف کے طور پر پیش کی گئیں، جس سے اس فلاحی اقدام میں ثقافتی اور عوامی سطح پر باہمی روابط کا رنگ بھی نمایاں ہوا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اس پروگرام کا مقصد طلبہ کو عملی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں اعتماد اور عزم کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھنے کی ترغیب دینا بھی ہے، خصوصاً ان علاقوں میں جہاں تعلیمی وسائل تک رسائی محدود ہے۔ اس موقع پر طلبہ نے دونوں ممالک کی دوستی کو اجاگر کرنے والے رنگا رنگ ٹیبلو اور دیگر ثقافتی پرفارمنسز پیش کیں۔ ان تقریبات میں جشن کا سماں پیدا ہو گیا اور دورے پر آئے مہمانوں کا پرتپاک استقبال بھی کیا گیا۔ دریں اثناء، شفا ہیلتھ کیئر گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا عمر فاروق نے اعلان کیا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول چک نمبر 91 این بی میں کمپیوٹر لیبارٹری کو اپ گریڈ کیا جائے گا، تاکہ طالبات کو ڈیجیٹل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مہارتیں بہتر طور پر حاصل کرنے کے مواقع میسر آسکیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اس اقدام سے ڈیجیٹل خلا کو کم کرنے اور طلبہ کو ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت کے تقاضوں کے لیے بہتر طور پر تیار کرنے میں مدد ملے

بقیہ **16** سحر

کہا کہ حکومتِ پنجاب شفافیت، احتساب اور شہریوں کے معلومات حاصل کرنے کے بنیادی حق کی مکمل پاسداری کرتی ہے۔ حکومت کے امور میں شفافیت اور اداروں کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانا اولین ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آزاد اور شفاف معلومات کے ذریعے بدعنوانی کا مؤثر انداز میں خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق اور بااختیار معاشرے کی بنیاد ہے - شفافیت، جوابدہی اور گڈ گورننس کے لیے معلومات تک آسان رسائی ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مریم نواز شریف جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کو سرکاری معلومات تک فوری اور آسان رسائی فراہم کی جارہی ہے۔ حکومت پنجاب عوامی سہولت، شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ڈیجیٹل پنجاب کا مقصد شہریوں کو معلومات اور سرکاری خدمات ان کی دہلیز تک پہنچانا ہے۔ باخبر شہری ہی بہتر فیصلے اور مضبوط معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔

بقیہ **17** سحر

چنگ ڈا میں منعقد ہونے والے چائنا ساؤتھ ایشین کنٹریز میری ٹائم کوآپریشن فورم میں پاکستان، چین، سری لنکا، بنگلہ دیش، مالدیپ اور دیگر جنوبی ایشیائی ممالک کے 100 سے زائد نمائندوں، حکام اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق فورم کے شرکا نے چین-جنوبی ایشیائی ممالک میری ٹائم تعاون اقدام کی منظوری دی جس کا مقصد بحری سائنس، بلیو اکانومی اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں علاقائی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ **18** سحر

کے بعد خیبر پختونخوا سے اسلام آباد جانے والے تمام راستے کھل گئے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم ون اسلام آباد تا پشاور دونوں اطراف سے ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بحال کردی گئی ہے۔ آخری اطلاعات تک موٹروے ایم 14، ہکلہ تا کنڈل ،موٹروے ایم ون سے ہزارہ موٹروے کو ملانے والا لوپ پر بحالی کا کام جاری تھا۔ جی ٹی روڈ این فائیو اسلام آباد تا پشاور ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بحال کردیا گیا۔ دوسری جانب وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ریڈ زون کے اطراف بڑی تعداد میں کنٹینرز موجود

بقیہ **19** سحر

نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ کو روزگار، معاشی ترقی اور مقامی خوشحالی کے ساتھ جوڑنے کی ضرورت ہے۔ ہمارا خطہ قدرتی حسن، بلند پہاڑوں، خوبصورت وادیوں، دریاؤں اور منفرد ثقافتی ورثے سے مالا مال ہے، جسے مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے معاشی ترقی کا اہم ذریعہ بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے فروغ سے بالخصوص نوجوانوں اور خواتین کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں، جبکہ مقامی کاروبار کو فروغ ملنے سے عام آدمی کی معیشت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ سیاحتی سرگرمیوں میں اضافے سے دور دراز علاقوں میں معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے اور مقامی آبادی کے لیے آمدن کے نئے ذرائع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفت گو کرتے ہوئے سردار مختار احمد خان کا کہنا تھا کہ یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ آزاد کشمیر کے قدرتی ماحول، ثقافتی ورثے، روایات اور قدرتی حسن کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تا کہ یہ جنت نظیر خطہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی محفوظ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاحت صرف ترقی اور معاشی سرگرمیوں کا ذریعہ نہیں بلکہ آزاد کشمیر کی شناخت کا ایک اہم حصہ بھی ہے۔ اس لیے سیاحت کے فروغ کے ساتھ قدرتی ماحول کا تحفظ وقت کی ناگزیر ضرورت ہے۔ پائیدار اور ماحول دوست سیاحتی پالیسی کے ذریعے مقامی لوگوں کی خوشحالی، معاشی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ **20** سحر

اراضی کا تنازعہ شدت اختیار کر گیا۔ 75 سال سے زائد عرصے سے اس علاقے میں آباد مقامی خاندانوں نے محکمہ سیاحت کی جانب سے اراضی کے حصول اور مبینہ بے دخلی کے نوٹسز پر شدید احتجاج کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ کسی صورت اپنی آبائی رہائش گاہیں، مکانات، دکانیں اور کاروباری مراکز چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔ کیل سیری ثمہ کے مقام پر شاہراہِ نیلم کے کنارے سینکڑوں خواتین، مردوں اور بچوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے حکومت آزاد کشمیر اور محکمہ سیاحت کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی، ممبر آزاد کشمیر اسمبلی شاہ غلام قادر اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کیل سیری سے ملحقہ علاقے ثمہ سیری کی 81 کنال اراضی محکمہ سیاحت کو الاٹ کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے

بقیہ **21** سحر

مارچ کی کال محض سیاسی دکھاوا تھی۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس دوران صوبے سے لانگ مارچ کی تیاریوں، جن میں ٹرانسپورٹ کی بکنگ، کھانے کے انتظامات اور دیگر ضروری اقدامات شامل ہیں، کے حوالے سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی جو عام طور پر مارچ کے لیے کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا تاہم پی ٹی آئی رہنماؤں نے بارہا مذاکرات سے گریز کیا اور حقائق چھپائے۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات کو اپنے جیل میں قید بانی تک رسائی سے مشروط کیا تھا اور مجوزہ لانگ مارچ ختم کرنے کے لیے اپنی شرائط میں بانی سے ملاقات کا مطالبہ بھی شامل کیا تھا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جب حکومت نے مذاکرات کا موقع فراہم کیا تو پی ٹی آئی قیادت نے اسے مسترد کر دیا۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر نے پی ٹی آئی کے بانی کی صحت سے متعلق دعوؤں اور پروپیگنڈے پر بھی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ دعوے صورتحال کو مزید کشیدہ کرنے اور عوامی ہمدردی حاصل کرنے کے لیے کیے گئے۔ اسلام آباد میں سکیورٹی اقدامات سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عوامی تحفظ کے مفاد میں پابندیاں اور دیگر احتیاطی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں سفارتکار، غیر ملکی شہری اور بڑی تعداد میں مقامی افراد رہائش پذیر ہیں اس لیے سکیورٹی اور سرکاری وعوامی املاک کا تحفظ ترجیح

بقیہ **22** سحر

کا 50 فیصد خواتین ہیں جن کی بنیاد پر ملک کا ڈیجیٹل سروسز سیکٹر عالمی مارکیٹس میں مسابقت کر رہا ہے اور اب ملکی معیشت روایتی کارگو و ٹیکسٹائل کی بجائے جدید نالج بیسڈ سروسز پر منتقل ہو رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز اسلام آباد میں ہواوے گلوبل سروس سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ باصلاحیت آئی ٹی ٹیلنٹ دنیا کے کونے کونے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف وفاقی دارالحکومت میں بیٹھ کر ڈھائی ہزار نوجوان انجینئرز مشرق وسطیٰ، افریقا اور لاطینی امریکا سمیت دنیا کی 100 سے زائد بین الاقوامی مارکیٹس کے ٹیلی کام و آئی ٹی نیٹ ورکس چلا رہے ہیں جو دنیا میں پاکستان کا ایک مضبوط اور باوقار تشخص قائم کر رہے ہیں۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ حکومت ملک کے اندر ڈیجیٹل انقلاب اور نوجوانوں کی جدید سکلز ٹریننگ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، اس سلسلے میں 3 لاکھ طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے پروگرام کے تحت 200 سے زائد ملکی یونیورسٹیوں میں جدید آئی سی ٹی اکیڈمیاں قائم کی جا چکی ہیں جن سے تربیت پانے والے 400 سے زائد پاکستانی ماہرین بیرون ملک بین الاقوامی مارکیٹوں میں اہم خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی اور ٹیلی کام انفراسٹرکچر کے لحاظ سے نئے دور میں داخل ہو چکا ہے، ملک میں حال ہی میں 480 میگا ہرٹز کی تاریخی اور دنیا کی سب سے بڑی سپیکٹرم نیلامی کامیابی سے منعقد کی گئی ہے جو 5G اور جدید ترین مستقبل کی ٹیکنالوجیز کی بنیاد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بین الاقوامی ٹیک کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کو محض سروسز تک محدود نہیں رکھ رہی بلکہ ملک میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ (R&D) سینٹرز کے قیام کو یقینی بنا رہی ہے تا کہ پاکستانی نوجوان عالمی سطح پر اختراعی منصوبوں کی قیادت کرسکیں۔

بقیہ **23** سحر

مستند اور بروقت معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی جمہوری حق ہے، آئینِ پاکستان شہریوں کو عوامی اہمیت کے تمام معاملات میں معلومات تک رسائی کا حق دیتا ہے۔ معلومات تک رسائی شفاف، جوابدہ اور باخبر معاشرے کی بنیاد ہے۔ شفاف طرزِ حکمرانی اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے معلومات تک بروقت رسائی ناگزیر ہے۔ پارلیمان قانون سازی اور مؤثر نگرانی کے ذریعے معلومات تک رسائی کے حق

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں ڈگری شو 2026، طالبات کے تخلیقی و فنی شاہکار نمائش کیلئے پیش

ڈگری شو 2026، پینٹنگ، سیرامکس، خطاطی اور منی ایچر کے فن پاروں کی نمائش طالبات نے فن و تخلیق کے رنگ بکھیر دیے

ڈگری شو 2026 وائس چانسلر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی کے ویژن اور حوصلہ افزائی کے تحت یونیورسٹی میں تخلیقی تعلیم جدت اور پیشہ ورانہ ترقی کے فروغ کی عکاسی کرتا ہے

لاہور (ایجوکیشن رپورٹر) لاہور کالج فار وویمن یونیورسٹی (LCWU) کے انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزائن اینڈ ویژول آرٹس (IDVA)، شعبہ ویژول آرٹس کے زیر اہتمام ڈگری شو 2026 کا افتتاح کر دیا گیا نمائش میں پینٹنگ، منی ایچر پینٹنگ، سیرامکس اور خطاطی کے شعبوں سے وابستہ طالبات کے تخلیقی، فکری اور تحقیقی کام پیش کیے گئے نمائش کا افتتاح وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے بطور مہمان خصوصی کیا، جبکہ لاہور بینالے فاؤنڈیشن کی شریک بانی و ایگزیکٹو ڈائریکٹر قدسیہ رحیم نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی۔ وائس چانسلر نے طالبات کے فن پاروں (بقیہ نمبر 42)

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں ڈگری شو 2026 کے افتتاح کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی، مہمانِ اعزاز قدسیہ رحیم اور شعبہ ویژول آرٹس کی فیکلٹی و انتظامیہ کا گروپ فوٹو

سبزہ زار میں پرائس چیکنگ، گرانفروشی پر 2 افراد گرفتار

سبزہ زار میں 20 دکانوں کی تفتیش، اوور چارجنگ پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ العمل

لاہور (زیڈ این این) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گرانفروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی رانا عامر لیاقت نے سبزہ زار کے علاقے میں فیلڈ چیکنگ کے دوران چکن، گوشت اور سبزی کی 20 دکانوں کی انسپکشن کی، جہاں اوور چارجنگ اور ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے پر 2 دکانیں سیل کر دی گئیں جبکہ گرانفروشی کی پاداش میں 2 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی رانا عامر لیاقت نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ لاہور شہریوں کو حکومت کے مقررہ نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ اوور چارجنگ پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ ہے

گورنر اور ایمرجنسی کی شقیں آئین پاکستان میں موجود ہیں، گورنر خیبر پختونخوا

فیصل کریم کنڈی سابق وفاقی وزیر مملکت برائے خارجہ امور نوابزادہ ملک عماد خان آف کالا باغ (میانوالی) کے گھر پہنچ گئے

سمیرا ملک، عائلہ ملک کی والدہ ماجدہ اور نوابزادہ ملک عماد خان کی چچی کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

میانوالی (بیورو رپورٹ) گورنر صوبہ خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سابق وفاقی وزیر مملکت برائے خارجہ امور نوابزادہ ملک عماد خان آف کالا باغ (میانوالی) کے گھر پہنچ گئے، انھوں نے سابق وفاقی وزیر سمیرا ملک، سابق رکن قومی اسمبلی عائلہ ملک کی والدہ ماجدہ اور نوابزادہ ملک عماد خان کی چچی کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی اور دعا کی خداوند کریم مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ (بقیہ نمبر 44)

نجم مزاری ٹیوٹا ڈسٹرکٹ بورڈ آف مینجمنٹ کے ممبر مقرر

لاہور (زیڈ این این) آرگینک زراعت اور مصنوعات پر تحقیق کرنے والے ادارے کے سربراہ اور معروف کاروباری شخصیت نجم مزاری کو ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) کے ڈسٹرکٹ بورڈ آف مینجمنٹ کا ممبر مقرر کر دیا گیا۔ نجم مزاری کاروباری، صنعتی اور برانڈ ڈویلپمنٹ کے شعبوں میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور مختلف نجی اداروں و کاروباری پلیٹ فارمز کے ساتھ وابستہ رہے ہیں۔

کتے کے کاٹنے کو معمولی زخم سمجھنا جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، چیف سیکریٹری سندھ

سندھ میں کتے کے کاٹنے کے مریضوں کے علاج کی استعداد میں 30 فیصد اضافہ

کراچی (این این آئی) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے عالمی یوم ریبیز کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کتے کے کاٹنے کو معمولی زخم سمجھ کر نظرانداز کرنے کے بجائے فوری علاج زندگی بچا سکتا ہے، ریبیز کی علامات ظاہر ہونے کے بعد بیماری جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کتے کے کاٹنے یا خراش آنے کی صورت میں زخم کو فوری طور پر صابن اور پانی سے کم از کم 15 منٹ تک دھویا جائے

ڈیڈ لائن ختم، سکشن ہڈز نہ لگانے پر 500 سے زائد ریسٹورنٹس سیل

ماحولیاتی آلودگی پر زیرو ٹالرنس، بغیر سکشن ہڈز میرج ہالز کو سیل اور بھاری جرمانے ہوں گے

لاہور (زیڈ این این) اسموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے محکمہ تحفظ ماحول (ای پی اے) پنجاب نے صوبہ بھر میں سکشن ہڈز کے بغیر چلنے والے تمام میرج ہالز کو بند اور سیل کرنے کا بڑا فیصلہ کیا ہے۔ ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ کی ہدایت پر فیلڈ افسران نے قوانین کی خلاف ورزی

لاہور: خواتین پولیس اہلکار سکوٹی پر بغیر ہیلمٹ کے سفر کر رہی ہیں

جماعت اسلامی پی پی 10 روپلنڈی کا اہم مشاورتی اجلاس زونل امیر امتیاز علی اسلم کی زیر صدارت منعقد

جس میں نئی حلقہ بندیوں کے مطابق تنظیمی ڈھانچے کی تشکیل، اجتماعاتِ عام، دستخطی مہم اور دیگر تنظیمی امور پر تفصیلی غور کیا گیا

اسلام آباد (عباس ملک) جماعت اسلامی پی پی 10 روپلنڈی کا اہم مشاورتی اجلاس زونل امیر امتیاز علی اسلم کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں نئی حلقہ بندیوں کے مطابق تنظیمی ڈھانچے کی تشکیل، اجتماعاتِ عام، دستخطی مہم اور دیگر تنظیمی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر اشفاق قادر کو نائب امیر و انچارج تربیت جبکہ سید اسماعیل شاہ کو نائب امیر و سربراہ کمیٹی برائے بلدیاتی و سیاسی امور مقرر کیا گیا، جبکہ مختلف یونین کونسلز کے امرا بھی نامزد کیے گئے۔ اس موقع پر سید اسماعیل شاہ نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی نے انہیں جو ذمہ داری سونپی ہے، وہ اسے ایک اہم امانت سمجھتے ہیں اور اسے پوری دیانت، خلوص اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنے کی (بقیہ نمبر 45)

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم قابل ستائش ہے، شگفتہ نورین کاظمی

مظفر آباد (این این آئی) مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ آزاد جموں وکشمیر سیدہ شگفتہ نورین کاظمی نے نوشکی میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو مبارکباد پیش کی ہے

علی گڑھ میں ایک شخص پر بہیمانہ تشدد، پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا

علی گڑھ (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع علی گڑھ میں غیر انسانی سلوک کے ایک ہولناک واقعے میں ایک شخص کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اس کے سر کے بال اور داڑھی کا ایک حصہ مونڈ دیا گیا اور درخت سے باندھ کر پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ جمعرات کو علی گڑھ سے تقریباً 40 کلومیٹر دور اکرباد تھانے کی حدود میں واقع ایک گاؤں میں پیش آیا۔

موسمی خرابی، اسلام آباد کی 2 پروازیں ملتان اور لاہور اتار لی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں خراب موسمی صورتِ حال کے باعث 2 پروازوں کا رخ تبدیل کر کے انہیں ملتان اور لاہور اتار لیا گیا۔ پیرس سے اسلام آباد آنے والی پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی پرواز کو ملتان اتارا گیا۔

ڈپٹی کمشنر لاہور کا دورہ، ڈینگی سرویلنس اور صفائی جائزہ

ڈینگی لاروا چھپایا نہ جائے، ملنے پر اطراف کے 10 گھروں میں اسپرے کریں

لاہور (وقائع نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے سٹی کا دورہ کر کے اسلامیہ پارک اور چوبرجی میں انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایم سی ایل کلیم یوسف، اسسٹنٹ کمشنر سٹی رانا عامر لیاقت اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے فیلڈ میں ڈینگی سرویلنس، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور نالوں کی ڈی سلٹنگ کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے افسران کو سخت ہدایت کی کہ ڈینگی لاروا کی رپورٹنگ ہر صورت یقینی بنائی جائے اور اسے ہرگز نہ چھپایا جائے۔ جہاں بھی ڈینگی لاروا ملے، فوری طور پر اس کے اردگرد کے 10 گھروں میں اسپرے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈینگی کنٹرول اور سرویلنس میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام فیلڈ ٹیمیں متحرک رہیں اور ڈینگی کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے اسلامیہ پارک اور چوبرجی میں نالوں کی بروقت ڈی سلٹنگ اور صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

اسلام آباد اور راولپنڈی میں موسلا دھار بارش، رین ایمرجنسی نافذ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور جڑواں شہر راولپنڈی میں موسلا دھار بارش کے باعث رین ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ ایم ڈی واسا کے مطابق موسلا دھار بارش کی وجہ سے راولپنڈی میں رین ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے، تمام فیلڈ افسران کو متحرک کر دیا گیا ہے۔

مرید کے: رکشہ اور موٹر سائیکل میں تصادم، خاتون سمیت 4 افراد شدید زخمی

مرید کے (زیڈ این این) مرید کے جی ٹی روڈ پر داؤ کے قریب تیز رفتاری اور ون وے کی خلاف ورزی کے باعث رکشہ اور موٹر سائیکل میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں خاتون سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔

لاہور ہائیکورٹ اے این ایف کیسز کیلئے چوہدری عزیر سپیشل پراسیکیوٹر مقرر

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) پنجاب کے مقدمات کی مؤثر پیروی کے لیے چوہدری عزیر اشرف ایڈووکیٹ کو سپیشل پراسیکیوٹر مقرر کر دیا گیا ہے۔ چوہدری عزیر اشرف ایڈووکیٹ اب لاہور ہائیکورٹ میں اے این ایف پنجاب سے متعلق مقدمات میں محکمہ کی جانب سے پیش ہوں گے

خواتین کو قومی معیشت کا فعال حصہ بنانا ناگزیر: مدثر مسعود چوہدری

خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرنے کیلئے مزید موثر اقدامات کی ضرورت ہے، بیان

لاہور (زیڈ این این) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے پاکستان میں خواتین کی معاشی، تعلیمی اور سیاسی شمولیت میں اضافے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی ترقی کے لیے خواتین کو قومی معیشت کا فعال حصہ بنانا ناگزیر ہے، عالمی صنفی فرق میں پاکستان کی درجہ بندی اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے مزید موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ صنفی مساوات کے مجموعی اسکور میں بہتری خوش آئند ہے تاہم اسے منزل کے بجائے اصلاحات کے تسلسل کا آغاز سمجھنا چاہیے۔ خواتین کی کم افرادی قوت میں شرکت ملکی پیداواری صلاحیت اور معاشی ترقی کے امکانات کو متاثر کر رہی ہے۔ خواتین کو تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مساوی مواقع فراہم کر کے معیشت میں ان کا کردار نمایاں طور پر بڑھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ انہیں اعلیٰ تعلیم اور فنی تربیت تک زیادہ سے زیادہ رسائی دینا بھی ضروری ہے۔ کاروباری خواتین کے لیے آسان قرضوں، مالیاتی سہولیات اور مارکیٹ تک رسائی کے مواقع بڑھائے جائیں۔

ایس ایچ او ریاض حسین آفریدی مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید

شہادت کے بعد ان کے گھر میں کہرام مچ گیا، جہاں بوڑھے والد کی اپنے جوان بیٹے کی میت سے لپٹ کر چیخ و پکار نے ہر آنکھ کو اشکبار کر دیا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل) ضلع خیبر کے تھانہ ملاگوری کے ایس ایچ او ریاض حسین افریدی نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی مبینہ اسمگلنگ روکنے کے دوران مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید ہو گئے۔ شہادت کے بعد ان کے گھر میں کہرام مچ گیا، جہاں بوڑھے والد کی اپنے جوان بیٹے کی میت سے لپٹ کر چیخ و پکار نے ہر آنکھ کو اشکبار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ایس ایچ او ریاض افریدی کو اطلاع ملی تھی کہ نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کا ایک قافلہ علاقے سے گزر رہا ہے۔ پولیس نے کارروائی کی تو مبینہ اسمگلروں نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایس ایچ او شدید زخمی ہوئے اور بعد ازاں جامِ شہادت نوش کر گئے۔ خیبر پختونخوا میں گزشتہ کئی برسوں سے پولیس اہلکار دہشت گردی، اسمگلنگ اور منظم جرائم کے خلاف فرنٹ (بقیہ نمبر 41)

مقبوضہ جموں وکشمیر میں گجر بکروال خاندان دریاؤں کے کنارے خیموں میں رہنے پر مجبور

موسمیاتی تبدیلی نے عارضی رہائش کے روایتی مقامات کو انتہائی خطرناک علاقوں میں تبدیل کر دیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے پلوامہ اور شوپیاں اضلاع میں سینکڑوں گجر بکروال خاندان اور مزدور آج بھی دریاؤں کے کنارے عارضی خیموں اور جھونپڑیوں میں انتہائی ناگفتہ بہ حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے انہیں متبادل رہائش یا بحالی کی کوئی سہولت فراہم نہیں کی جا رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمد حسین خان نے پلوامہ کے علاقے کریم آباد میں روشی نالہ کے کنارے ایک خیمہ نصب کر رکھا ہے جہاں وہ کئی برسوں سے اپنے خاندان کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شدید بارشوں کے دوران خوف کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کیونکہ دریا میں پانی کی سطح بڑھ جاتی

مرحوم قیصر امتیاز کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، فیصل مرزا

قیصر امتیاز مثالی اور کامیاب ترین یوسی چیئرمین تھے، عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا

کراچی (این این آئی) فیصل مرزا نے مرحوم چیئرمین یونین کونسل 26 قیصر امتیاز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 28 ستمبر 2016 کو کے ایم سی بلڈنگ میں ہونے والے پہلے اجلاس کی یاد آج بھی تازہ ہے، جہاں قیصر امتیاز مرحوم ہمارے درمیان موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ قیصر امتیاز ایک مثالی اور کامیاب یوسی چیئرمین تھے

وزیر اعظم وطن واپسی پر بلا تاخیر جماعت اسلامی سے مذاکرات کریں، لیاقت بلوچ

حکومتی ٹال مٹول جاری رہی تو حکومت کے خاتمے کیلئے ملک گیر تحریک بھی شروع ہو سکتی ہے

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ملک سے زرداری اور شریف خاندان کی سیاست کا سورج غروب ہو رہا ہے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان مضطرب عوام کے لیے بہترین چوائس بن کر سامنے آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف وطن واپسی پر وقت ضائع کیے بغیر امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے مذاکرات کریں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پیٹرول پر عائد لیوی ٹیکس فوری طور پر ختم کرے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ لیاقت بلوچ نے خبردار کیا کہ حکومتی ٹال مٹول جاری رہی تو نہ صرف سپر لانگ مارچ ہوگا بلکہ حکومت کے خاتمے کے لیے ملک گیر تحریک بھی شروع ہو سکتی ہے۔

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان آؤٹ ڈور ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے چیئرمین عدیان صادق لون اور دیگر احادیث ان کی تقریب حلف برداری میں شریک ہیں

بھارت، سی جے پی کے آشوتوش رنکا سمیت 34 ارکان کی پولیس کیمپس میں بھوک ہڑتال

ارکان ایک طے شدہ پروگرام میں شرکت کے لیے جمع ہوئے تھے، تاہم پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا

گوہاٹی (این این آئی) بھارتی ریاست آسام میں کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کے 35 ارکان نے پیر کے روز گوہاٹی میں پولیس کیمپس کے اندر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال شروع کر دی، وہ اپنی مسلسل حراست کے خلاف احتجاج اور فوری رہائی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھوک ہڑتال میں حصہ لینے والوں میں سی جے پی کے شریک کنوینر اور چیف ترجمان آشوتوش رنکا، مشرقی اور شمال مشرقی امور کے انچارج انکت بھاردواج، جوائنٹ سیکریٹری پریم پرکاش گولو اور آسام کے کوآرڈینیٹر ساحل سمیت دیگر ارکان شامل ہیں۔ پارٹی نے کہا کہ اس کے ارکان ایک طے شدہ پروگرام میں شرکت کے لیے جمع ہوئے تھے، تاہم پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا، جس کے باعث پروگرام منعقد نہ ہو سکا۔

مقفت برگر دینے سے انکار، مسلح افراد کا تشدد اور فائرنگ

لاہور (زیڈ این این) مفت برگر نہ دینے پر مسلح افراد نے دکاندار کو شدید تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد فائرنگ کر دی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق مسلح افراد نے دکان پر آ کر مفت برگر دینے کا مطالبہ کیا، دکاندار کی جانب سے انکار پر ملزمان نے اس کے ساتھ تلخ کلامی کی اور گالم گلوچ کے بعد اسے تشدد کا نشانہ بنایا۔ اشتعال میں آ کر ملزمان

اسلام آباد، پنجاب اور کے پی کے مختلف شہروں میں بارش، کئی مقامات پر ژالہ باری، موسم سرد

اسلام آباد / لاہور / پشاور (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں بارشوں کے بعد موسم سرد ہونا شروع ہو گئی، کئی شہروں میں ژالہ باری بھی ہوئی، اسلام آباد اور راولپنڈی میں موسلا دھار بارش کے باعث رین ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ صوبائی اسلام آباد، راولپنڈی، کوہاٹ، کرک، میانوالی، دنیاپور میں تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوا۔ اس کے علاوہ جھنگ، چشمہ دریا خان، کچہ گجرات، پیلاں اور دیگر علاقوں میں بھی بارش ہوئی، کندیاں میں بارش کا پانی گھروں میں داخل ہو گیا، گلی محلے تالاب کا منظر پیش کرنے لگے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عدالتی نوٹس کے بعد نظر بند کی گرفتاری، ہائیکورٹ کے پولیس کارروائی پر تشویش کا اظہار

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو گرفتاری کے تمام حالات کی ذاتی طور پر انکوائری کا حکم، سماعت (کل) تک ملتوی

امیر خان کی گرفتاری کی وجوہات، وقت، طریقہ کار، تمام حالات و واقعات کی مکمل تفصیلات شامل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی نوٹس جاری ہونے کے فوری بعد نظر بند شخص کو دوسرے مقدمے میں گرفتار کرنے کے معاملے پر پولیس کی کارروائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو گرفتاری کے تمام حالات کی ذاتی طور پر انکوائری کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر نے شہری بہروز خان کی درخواست پر تحریری عبوری حکم جاری کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو ہدایت کی ہے کہ وہ نظر بند امیر خان کی مبینہ گرفتاری کے تمام حالات و واقعات کا خود جائزہ لیں۔ عدالت نے ڈی آئی جی آپریشنز کو 30 ستمبر کو گرفتاری سے متعلق جامع اور تصدیق شدہ رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ رپورٹ میں امیر خان کی گرفتاری کی وجوہات، وقت، طریقہ کار

میر رضا کیس: کمیشن کی مدت میں توسیع کا فیصلہ یکم اکتوبر کو ہوگا، جبران ناصر

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن کے حوالے سے جبران ناصر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ سندھ نے کمیشن کی مدت میں توسیع کی سمری منظور کر لی ہے تاہم کابینہ کا اجلاس یکم اکتوبر کو ہوگا، جس میں توسیع سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

لاہور: ایگزیکٹو ڈائریکٹر نواز گوندل اور معروف ماہر تعلیم قاسم علی ملاقات کر رہے ہیں

میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کرکٹ کے فروغ کیلئے اپنا تعاون جاری رکھے گا، خلیل احمد نینی تال والا

کراچی (این این آئی) میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین خلیل احمد نینی تال والا نے کہا ہے کہ میڈی کیم گروپ آف کمپنیز ماضی کی طرح آئندہ بھی کرکٹ کے فروغ کیلئے اپنا تعاون جاری رکھے گا اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17 انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کے سی سی اے اسٹیڈیم پر بحیثیت مہمانِ خصوصی کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا

لاہور کینٹ پولیس کی کارروائیاں، 46 گداگر گرفتار

فیکٹری ایریا، باٹا پور، ڈیفنس اور جنوبی چھاؤنی سے گداگر اور سہولت کار بھی پکڑے گئے

لاہور (زیڈ این این) کینٹ ڈویژن پولیس نے پیشہور گداگروں اور ان کے ماسٹر مائنڈز کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرتے ہوئے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران 46 گداگروں اور ان کے سہولت کاروں کو حراست میں لے لیا۔ ایس پی کینٹ کی ہدایت پر پولیس ٹیموں نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز اور کارروائیاں کیں۔ اس دوران فیکٹری ایریا، جنوبی چھاؤنی، مصطفیٰ آباد،

ریبیز جان لیوا خطرہ، بروقت ویکسینیشن ضروری ہے، محمد علی ملکانی

کتے کے کاٹنے پر روایتی ٹوٹکوں سے گریز، زخم 15 منٹ تک صابن اور پانی سے دھویا جائے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک محمد علی ملکانی نے عالمی یوم ریبیز کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ریبیز کوئی عام بیماری نہیں بلکہ جان لیوا خطرہ ہے، اس سے بچاؤ کے لیے عوام میں آگاہی اور بروقت ویکسینیشن ضروری ہے۔ پالتو جانوروں کی سالانہ ویکسینیشن لازمی کرائی جائے، کتے کے کاٹنے کی صورت میں روایتی ٹوٹکوں سے پرہیز کرتے ہوئے

138 کھلی کچہریوں میں 32 ہزار سے زائد شہریوں کی شکایات سنی گئیں

مقدمہ درج کر کے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور ملزمان کی شناخت کر لی گئی ہے، ڈی آئی جی

لاہور (وقائع نگار) ساؤتھ ایشین کالمسٹ کونسل (SACC) کے وفد نے چیئرمین میاں سیف الرحمٰن، پیٹرن اشرف سہیل، سیکرٹری جنرل ضمیر افاقی اور ایگزیکٹو ممبر شیر علی خاطی کی قیادت میں ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور سید ذیشان رضا سے ملاقات کی، جس میں پولیس تفتیش، عوامی شکایات کے ازالے، کھلی کچہریوں، جرائم کے خلاف کارروائی اور پولیس کے احتساب سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے وفد کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہریوں کی شکایات براہ راست سننے کے لیے اب تک 138 کھلی کچہریاں منعقد کی جا چکی ہیں، جن میں 32 ہزار سے زائد شہریوں کی شکایات سنی گئیں اور متعلقہ افسران (بقیہ نمبر 43)

ساؤتھ ایشین کالمسٹ کونسل (SACC) کے وفد نے چیئرمین میاں سیف الرحمٰن، پیٹرن اشرف سہیل، سیکرٹری جنرل ضمیر افاقی اور ایگزیکٹو ممبر شیر علی خاطی کی قیادت میں ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور سید ذیشان رضا سے ملاقات کی

پی ٹی آئی کے مطالبات جائز، گورنر راج گلے پڑ جائیگا، حافظ نعیم الرحمٰن

پیٹرول کی قیمت بڑھنے پر آئی ایم ایف نے خود سبسڈی دینے کی اجازت دی تھی

حکومت نے پیٹرول پر سبسڈی دی، جس سے تقریباً 140 ارب روپے کی بچت ہوئی، تاہم اپریل میں پیٹرول پر سبسڈی ختم کر دی گئی

کراچی: (نیوز ایجنسی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے مطالبات جائز ہیں، گورنر راج گلے پڑ جائے گا۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرول اور بجلی کی قیمتیں کم ہونی چاہئیں، ریلیف نہ ملا تو لانگ مارچ کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ سیاسی کشمکش میں عوام کے اصل مسائل نظرانداز ہو گئے ہیں، عوام جن کے ووٹ اور حمایت سے سیاسی جماعتیں آگے بڑھتی ہیں، انہی کے مسائل نظرانداز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی (بقیہ نمبر 40)

لاہور ریلوے اسٹیشن پر غیر قانونی پارکنگ، دو گھنٹے بعد 50 فیصد اضافی رقم وصولی کا انکشاف

مقررہ نرخوں کے برعکس شہریوں سے موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر اضافی وصولیاں، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس مطالبہ

لاہور (زیڈ این این) لاہور ریلوے اسٹیشن کی حدود میں مبینہ غیر قانونی پارکنگ اور شہریوں سے اوور چارجنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کے باعث مسافروں اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق ضوابط اور مقررہ نرخوں کو ہوا میں اڑاتے ہوئے من مانے ریٹس وصول کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پارکنگ کمپنی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن

لاہور: صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بچوں کے تحفظ کیلئے چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور دسترس فاؤنڈیشن کا معاہدہ

مدارس اور سکولوں میں چائلڈ رائٹس آگاہی، گڈ ٹچ بیڈ ٹچ سیشنز اور اساتذہ کی تربیت کی جائیگی

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت بچوں کے تحفظ، فلاح و بہبود اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب اور دسترس فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو و رکن صوبائی اسمبلی سارہ احمد (تمغہ امتیاز) اور چیئرپرسن دسترس فاؤنڈیشن شائزا شاہد نے اس معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہر بچے کو تحفظ، عزت، تعلیم اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا ہے۔

معلومات تک رسائی شہریوں کا آئینی حق ہے، ناصر حسین شاہ

بلدیاتی ترقیاتی منصوبوں اور فنڈز کی تفصیلات تک عوام کو آسان رسائی دی جا رہی ہے، وزیر بلدیات

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے معلومات تک رسائی کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ سرکاری امور اور عوامی منصوبوں میں شفافیت پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور کا حصہ ہے، سندھ حکومت بلدیاتی سطح پر عوام کو معلومات کی بلا تعطل فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ اچیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق طرز حکمرانی کو مزید شفاف بنایا جا رہا ہے

ایڈیٹر: ران